2646: عطاء کہتے ہیں کہ ہم حضرت ابن عباسؓ کے ساتھ سرف مقام میں نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت میمونہؓ کے جنازہ کے لئے حاضر ہوئے۔ حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ یہ نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ ہیں اس لئے جب تم ان کی نعش اُٹھاؤ زیادہ ہلاؤ جلاؤ نہیں اور آہستگی اختیار کرو۔ رسول اللہ ﷺ کی نو بیویاں تھیں ان میں سے آٹھ کو باری دیتے تھے اور ایک کے لئے

2645: **اطراف: مسلم** کتاب الرضاع باب جواز هبتها نوبتها لضرتها 2644

تخریج: بخاری کتاب تفسیر القرآن باب قوله ترجی من تشاء منهن وتؤی الیک من تشاء ... 4788 **نسائی** کتاب النکاح باب ذکر امر رسول الله ﷺ فی النکاح وأزواجه وما اباح الله .... 3199 باب هل للمرأة ان تهب نفسها لاحدٍ 5113 باب ذکر امر رسول الله ﷺ فی النکاح وازواجه ...3197 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب التی وهبت نفسها للنبی 2000

☆ (الاحزاب 52)

2646: **تخریج: بخاری** کتاب النکاح باب کثرة النساء 5067 **نسائی** کتاب النکاح باب ذکر امر رسول الله فی النکاح وازواجه 3196..

نَعْشَهَا فَلَا تُزَعْزِعُوا وَلَا تُزَلْزِلُوا وَارْفُقُوا فَإِنَّهُ كَانَ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعٌ فَكَانَ يَقْسِمُ لِثَمَانٍ وَلَا يَقْسِمُ لِوَاحِدَةٍ قَالَ عَطَاءٌ الَّتِي لَا يَقْسِمُ لَهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيِّ بْنِ أَخْطَبَ {52}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ قَالَ عَطَاءٌ كَانَتْ آخِرَهُنَّ مَوْتًا مَاتَتْ بِالْمَدِينَةِ [3634,3633]

باری نہیں تھی۔ عطاء کہتے ہیں کہ وہ بیوی جس کے لئے باری مقرر نہیں تھی وہ حضرت صفیہؓ بنت حیی بن اخطب تھیں ☆۔ عطاء کہتے ہیں کہ ان میں سے سب سے آخری فوت ہونے والی مدینہ میں فوت ہوئیں۔

[15]39:بَاب اسْتِحْبَابِ نِكَاحِ ذَاتِ الدِّينِ

دین دار عورت سے نکاح کی پسندیدگی کا بیان

2647{53} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالُوا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ لِأَرْبَعٍ لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَلِجَمَالِهَا وَلِدِينِهَا فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّينِ تَرِبَتْ يَدَاكَ [3635]

2647: حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ عورت سے چار وجوہات کی بنا پر نکاح کیا جاتا ہے۔ اس کے مال کی وجہ سے اس کے خاندان کی وجہ سے اس کی خوبصورتی کی وجہ سے اور اس کے دین کی وجہ سے تمہارا بھلا ہو، تم دین والی سے (شادی کر کے) کامیابی حاصل کرو۔

☆ معلوم ہوتا ہے کہ راوی کو یا بعد میں کسی نقل کرنے والے کو اصل نام کے بارہ میں غلط فہمی ہوئی ہے۔ اصل نام حضرت سودہؓ کا ہے جنہوں نے اپنی باری حضرت عائشہؓ کو ہبہ کر دی تھی۔ (شرح نووی)

2647 :اطراف: **مسلم** کتاب الرضاع باب استحباب نکاح ذات الدین2648 ،2650 ، 2651 ، 2652 ، 2653 کتاب المساقاة باب البعیر واستثناء رکوبه2983 ، 2984 ، 2985 ، 2986 ، 2987 کتاب الامارة باب کراهة الطروق وهو الدخول 3542 ، 3543 ، 3544

تخریج: بخاری کتاب النکاح باب الاکفاء فی الدین 5090 **نسائی** کتاب النکاح باب کراهیة تزویج الزناة 3230 **ابو داود** کتاب النکاح باب مایؤمر به من تزویج ذات الدین2047 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب تزویج ذات الدین 1858 ، 1859

2648{54} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ أَخْبَرَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقِيتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا جَابِرُ تَزَوَّجْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِكْرٌ أَمْ ثَيِّبٌ قُلْتُ ثَيِّبٌ قَالَ فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِي أَخَوَاتٍ فَخَشِيتُ أَنْ تَدْخُلَ بَيْنِي وَبَيْنَهُنَّ قَالَ فَذَاكَ إِذَنْ إِنَّ الْمَرْأَةَ تُنْكَحُ عَلَى دِينِهَا وَمَالِهَا وَجَمَالِهَا فَعَلَيْكَ بِذَاتِ الدِّينِ تَرِبَتْ يَدَاكَ [3636]

2648: عطاء سے روایت ہے کہ مجھے حضرت جابر بن عبداللہؓ نے بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایک عورت سے شادی کی جب میری نبی ﷺ سے ملاقات ہوئی آپؐ نے فرمایا اے جابر تم نے شادی کی ہے؟ میں نے عرض کیا جی۔ آپؐ نے فرمایا کنواری سے یا بیوہ سے؟ میں نے عرض کیا بیوہ سے۔ آپؐ نے فرمایا کنواری سے کیوں نہیں؟ تم اس سے کھیلتے۔ میں نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! میری کئی بہنیں ہیں میں ڈرا کہ وہ میرے اور ان کے درمیان حائل نہ ہوجائے۔ آپؐ نے فرمایا اچھا تو یہ بات ہے۔ عورت سے اس کے دین اس کے مال اور اس کے جمال کی وجہ سے شادی کی جاتی ہے۔ تمہارا بھلا ہو، تم دین والی کو ترجیح دو۔

2648 :اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب استحباب نکاح ذات الدین 2647، 2650، 2651، 2652، 2653 کتاب المساقات باب البعیر واستثناء رکوبه 2983، 2984، 2985، 2986، 2987 کتاب الامارة باب کراهة الطروق وهوالدخول لیلة لمن ورد من سفر 3542، 3543، 3544

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب شرائع الدواب والحمیر 2097 کتاب الوکالة باب اذا وکل رجل رجلًا ان یوتی شیئًا لم یبین کم یوتی ... 2309 کتاب الشروط باب اذا اشترط البائع... 2718 کتاب الجهاد والسیر باب من ضرب دابة غیره فی الغزو 2861 باب استئذان الرجل الامام 2967 کتاب النکاح باب تزویج الثیبات 5079 باب طلب الولد 5245 باب تستحد المغیبة وتمشط الشعثة 5247 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فی تزویج الابکار 1100 **نسائی** کتاب النکاح نکاح الابکار 3219، 3220 علی ما تنکح المرأة 3226 کتاب البیوع البیع یکون فیه الشرط فیصح البیع والشرط 4637، 4638، 4639، 4640، 4641 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی تزویج الابکار 2048 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب تزویج الابکار 1860

[16]40: بَاب اسْتِحْبَابِ نِكَاحِ الْبِكْرِ
کنواری سے نکاح کی پسندیدگی کا بیان

2649{55} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَارِبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَزَوَّجْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ أَبِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا قُلْتُ ثَيِّبًا قَالَ فَأَيْنَ أَنْتَ مِنَ الْعَذَارَى وَلِعَابِهَا قَالَ شُعْبَةُ فَذَكَرْتُهُ لِعَمْرِو بْنِ دِينَارٍ فَقَالَ قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ جَابِرٍ وَإِنَّمَا قَالَ فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ [3637]

2649: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ میں نے ایک عورت سے شادی کی تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا اے جابر تم نے شادی کی ہے؟ میں نے عرض کیا جی۔ آپؐ نے فرمایا کنواری سے یا بیوہ سے؟ میں نے عرض کیا بیوہ سے؟ آپؐ نے فرمایا تم نے کنواریوں اور ان کی کھیلوں کو کیوں نظر انداز کر دیا؟ عمرو بن دینار کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابرؓ سے سنا۔ انہوں نے کہا (تم نے) کنواری سے کیوں (شادی) نہ کی؟ تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی۔

2650{56} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ هَلَكَ وَتَرَكَ تِسْعَ

2650: حضرت جابرؓ بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہؓ فوت ہو گئے اور انہوں نے نو یا کہا کہ سات بیٹیاں چھوڑیں تو میں نے ایک بیوہ عورت سے شادی کر لی مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے

2649: **اطراف: مسلم** کتاب الرضاع باب استحباب نکاح ذات الدین 2648، 2650، 2651، 2652 کتاب المساقاۃ باب البعیر واستثناء رکوبہ 2983، 2984، 2985، 2986، 2987 مسلم کتاب الامارۃ باب کراھۃ الطروق وھو الدخول 3542، 3543، 3544

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب شرائع الدواب والحمیر 2097 کتاب الوکالۃ باب اذا وکل رجل رجلًا ان یوتی شیئًا لم یبین کم یوتی ... 2309 کتاب الشروط باب اذا اشترط البائع... 2718 کتاب الجھاد والسیر باب من ضرب دابۃ غیرہ فی الغزو 2861 باب استئذان الرجل الامام 2967 کتاب النکاح باب تزویج الثیبات 5079 باب طلب الولد 5245 باب تستحد المغیبۃ وتمشط الشعثۃ 5247 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فی تزویج الابکار 1100 **نسائی** کتاب النکاح نکاح الابکار 3219، 3220 علی ما تنکح المرأۃ 3226 کتاب البیوع البیع یکون فیہ الشرط فیصح البیع والشرط 4637، 4638، 4639، 4640، 4641 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی تزویج الابکار 2048 **ابن ماجہ** کتاب النکاح باب تزویج الابکار 1860

2650: **اطراف: مسلم** کتاب الرضاع باب استحباب نکاح ذات الدین 2647، 2648، 2651، 2652 کتاب المساقاۃ باب البعیر واستثناء رکوبہ 2983، 2984، 2985، 2986، 2987 مسلم کتاب الامارۃ باب کراھۃ الطروق وھو الدخول 3542، 3543، 3544 =

بَنَات أَوْ قَالَ سَبْعَ فَتَزَوَّجْتُ امْرَأَةً ثَيِّبًا فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ يَا جَابِرُ تَزَوَّجْتَ قَالَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَبِكْرٌ أَمْ ثَيِّبٌ قَالَ قُلْتُ بَلْ ثَيِّبٌ يَا رَسُولَ اللَّه قَالَ فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ أَوْ قَالَ تُضَاحِكُهَا وَتُضَاحِكُكَ قَالَ قُلْتُ لَهُ إِنَّ عَبْدَ اللَّه هَلَكَ وَتَرَكَ تِسْعَ بَنَات أَوْ سَبْعَ وَإِنِّي كَرِهْتُ أَنْ آتِيَهُنَّ أَوْ أَجِيئَهُنَّ بِمِثْلِهِنَّ فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَجِيءَ بِامْرَأَة تَقُومُ عَلَيْهِنَّ وَتُصْلِحُهُنَّ قَالَ فَبَارَكَ اللَّهُ لَكَ أَوْ قَالَ لِي خَيْرًا وَفِي رِوَايَة أَبِي الرَّبِيعِ تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ وَتُضَاحِكُهَا وَتُضَاحِكُكَ و حَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيد حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْد اللَّه قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ هَلْ نَكَحْتَ يَا جَابِرُ وَسَاقَ الْحَدِيثَ إِلَى قَوْله امْرَأَةً تَقُومُ عَلَيْهِنَّ وَتَمْشُطُهُنَّ قَالَ أَصَبْتَ وَلَمْ يَذْكُرْ مَا بَعْدَهُ [3639,3638]

جابر تم نے شادی کی ہے؟ میں نے عرض کیا جی۔ آپؐ نے فرمایا کنواری سے یا بیوہ سے؟ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! بیوہ سے۔ آپؐ نے فرمایا (تم نے) کنواری سے کیوں (شادی) نہ (کی)؟ تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی یا آپؐ نے فرمایا تم اسے ہنساتے اور وہ تمہیں ہنساتی۔ وہ کہتے ہیں میں نے آپؐ سے عرض کیا کہ حضرت عبداللہؓ فوت ہوگئے اور انہوں نے نو یا کہا سات بیٹیاں چھوڑی ہیں اس لئے میں نے پسند نہ کیا کہ ان کے پاس ان کی ہم عمر لڑکی لے آؤں اور میں نے پسند کیا کہ ایک ایسی عورت لاؤں جو اُن کی نگرانی کرے اور ان کی اصلاح کرے۔ آپؐ نے فرمایا اللہ تمہارے لئے مبارک کرے یا آپؐ نے کوئی اور اچھی سی بات کہی۔ ابو ربیع کی روایت میں ہے تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی تم اسے ہنساتے اور وہ تمہیں ہنساتی۔ حضرت جابر بن عبداللہؓ سے ایک اور روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا اے جابر کیا تم نے نکاح کیا ہے؟ باقی روایت ان کے اس قول تک ہے کہ ایسی عورت جو اُن کی کنگھی چوٹی کرے۔ آپؐ نے فرمایا تم نے ٹھیک کیا اور اس کے بعد کا ذکر اس روایت میں نہیں ہے

=**تخریج: بخاری** کتاب البیوع باب شرائع الدواب والحمیر 2097 کتاب الوکالة باب اذا وکل رجل رجلًا ان یوتی شیئًا لم یبین کم یوتی ... 2309 کتاب الشروط باب اذا اشترط البائع...2718 کتاب الجهاد والسیر باب من ضرب دابة غیره فی الغزو 2861 باب استئذان الرجل الامام 2967 کتاب النکاح باب تزویج الثیبات 5079 باب طلب الولد 5245 باب تستحد المغیبة وتمشط الشعثة 5247 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فی تزویج الابکار 1100 **نسائی** کتاب النکاح نکاح الابکار 3219، 3220 علی ما تنکح المرأة 3226 کتاب البیوع البیع یکون فیه الشرط فیصح البیع والشرط 4637، 4638، 4639، 4640، 4641 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی تزویج الابکار 2048 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب تزویج الابکار 1860

2651{57}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ سَيَّارٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ فَلَمَّا أَقْبَلْنَا تَعَجَّلْتُ عَلَى بَعِيرٍ لِي قَطُوفٍ فَلَحِقَنِي رَاكِبٌ خَلْفِي فَنَخَسَ بَعِيرِي بِعَنَزَةٍ كَانَتْ مَعَهُ فَانْطَلَقَ بَعِيرِي كَأَجْوَدِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنْ الْإِبِلِ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا أَنَا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا يُعْجِلُكَ يَا جَابِرُ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي حَدِيثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ فَقَالَ أَبِكْرًا تَزَوَّجْتَهَا أَمْ ثَيِّبًا قَالَ قُلْتُ بَلْ ثَيِّبًا قَالَ هَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ قَالَ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ ذَهَبْنَا لِنَدْخُلَ فَقَالَ أَمْهِلُوا حَتَّى نَدْخُلَ لَيْلًا أَيْ عِشَاءً كَيْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيبَةُ قَالَ وَقَالَ إِذَا قَدِمْتَ فَالْكَيْسَ الْكَيْسَ

2651: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم ایک غزوہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ جب ہم واپس ہوئے تو میں فوراً اپنے سست رفتار اونٹ پر سوار ہوکر چل پڑا۔ میرے پیچھے سے ایک سوار مجھے ملے اور انہوں نے اپنی چھڑی جو اُن کے پاس تھی میرے اونٹ کو لگائی پھر میرا اونٹ اُن اونٹوں میں سے جو تم نے دیکھے ہیں بہترین کی طرح چلنے لگا میں نے پیچھے مُڑ کر دیکھا تو رسول اللہ ﷺ تھے۔ آپؐ نے فرمایا اے جابرؓ تمہیں کیا جلدی ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے نئی نئی شادی کی ہے۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم نے کسی کنواری سے شادی کی ہے یا بیوہ سے؟ میں نے عرض کیا نہیں بیوہ سے۔ آپؐ نے فرمایا کسی کنواری سے کیوں نہیں؟ تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی۔ وہ کہتے ہیں جب ہم مدینہ آئے اور گھروں کو جانے لگے تو آپؐ نے فرمایا ٹھہرو یہانتک کہ رات ہوجائے

2651: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب استحباب نکاح ذات الدین 2647، 2648، 2650، 2652 کتاب المساقاۃ باب البعیر واستثناء رکوبہ 2983، 2984، 2985، 2986، 2987 کتاب الامارۃ باب کراھۃ الطروق وھو الدخول 3542، 3543، 3544

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب شرائع الدواب والحمیر 2097 کتاب الوکالۃ باب اذا وکل رجل رجلًا ان یوتی شیئًا لم یبین کم یوتی... 2309 کتاب الشروط باب اذا اشترط البائع... 2718 کتاب الجھاد والسیر باب من ضرب دابۃ غیرہ فی الغزو 2861 باب استئذان الرجل الامام 2967 کتاب النکاح باب تزویج الثیبات 5079 باب طلب الولد 5245 باب تستحد المغیبۃ وتمشط الشعثۃ 5247 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فی تزویج الابکار 1100 **نسائی** کتاب النکاح نکاح الابکار 3219، 3220 علی ما تنکح المرأۃ 3226 کتاب البیوع البیع یکون فیہ الشرط فیصح البیع والشرط 4637، 4638، 4639، 4640، 4641 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی تزویج الابکار 2048 **ابن ماجہ** کتاب النکاح باب تزویج الابکار 1860

یعنی عشاء کا وقت ہوجائے تا کہ پریشان بال کنگھی کرلے اور جس کا خاوند باہر ہے وہ استرا لے لے۔ راوی کہتے ہیں پھر آپؐ نے فرمایا جب تم جاؤ تو دانائی سے کام لینا دانائی سے۔

2652حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْمَجِيدِ الثَّقَفِيَّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ فَأَبْطَأَ بِي جَمَلِي فَأَتَى عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي يَا جَابِرُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مَا شَأْنُكَ قُلْتُ أَبْطَأَ بِي جَمَلِي وَأَعْيَا فَتَخَلَّفْتُ فَنَزَلَ فَحَجَنَهُ بِمِحْجَنِهِ ثُمَّ قَالَ ارْكَبْ فَرَكِبْتُ فَلَقَدْ رَأَيْتُنِي أَكُفُّهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتَزَوَّجْتَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ أَبِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا فَقُلْتُ بَلْ ثَيِّبٌ قَالَ فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا

2652: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں نکلا میرے اونٹ نے مجھے تاخیر کروادی۔ میرے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور مجھے فرمایا اے جابر۔ میں نے عرض کیا جی۔ آپؐ نے فرمایا کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا میرے اونٹ نے مجھے تاخیر کروادی ہے اور رہ گیا ہے اور میں پیچھے رہ گیا ہوں۔ پس آپؐ (سواری سے) نیچے تشریف لائے اور اسے اپنی چھڑی سے ضرب لگائی اور فرمایا سوار ہوجاؤ میں سوار ہوا میں نے دیکھا کہ میں اسے رسول اللہ ﷺ سے آگے بڑھنے سے روک رہا ہوں آپؐ نے فرمایا کیا تم نے شادی کی ہے؟ میں نے عرض کیا جی آپؐ نے فرمایا کنواری سے یا بیوہ سے؟

2652: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب استحباب نکاح ذات الدین 2647، 2648، 2650، 2651 کتاب المساقاة باب البعير واستثناء ركوبه 2983، 2984، 2985، 2986، 2987 كتاب الامارة باب كراهة الطروق وهو الدخول 3542، 3543، 3544

تخریج: بخاری کتاب البیوع باب شرائع الدواب والحمیر 2097 کتاب الوکالة باب اذا وكل رجل رجلًا ان يوتى شيئًا لم يبين كم يوتى ... 2309 كتاب الشروط باب اذا اشترط البائع... 2718 كتاب الجهاد والسير باب من ضرب دابة غيره فى الغزو 2861 باب استئذان الرجل الامام 2967 كتاب النكاح باب تزويج الثيبات 5079 باب طلب الولد 5245 باب تستحد المغيبة وتمشط الشعثة 5247 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فى تزويج الابكار 1100 **نسائی** کتاب النکاح نكاح الابكار 3219، 3220 على ما تنكح المرأة 3226 كتاب البيوع البيع يكون فيه الشرط فيصح البيع والشرط 4637، 4638، 4639، 4640، 4641 **ابو داود** کتاب النکاح باب فى تزويج الابكار 2048 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب تزويج الابكار 1860

وَتُلَاعِبُكَ قُلْتُ إِنَّ لِي أَخَوَاتٍ فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَتَزَوَّجَ امْرَأَةً تَجْمَعُهُنَّ وَتَمْشُطُهُنَّ وَتَقُومُ عَلَيْهِنَّ قَالَ أَمَا إِنَّكَ قَادِمٌ فَإِذَا قَدِمْتَ فَالْكَيْسَ الْكَيْسَ ثُمَّ قَالَ أَتَبِيعُ جَمَلَكَ قُلْتُ نَعَمْ فَاشْتَرَاهُ مِنِّي بِأُوقِيَّةٍ ثُمَّ قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدِمْتُ بِالْغَدَاةِ فَجِئْتُ الْمَسْجِدَ فَوَجَدْتُهُ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ الْآنَ حِينَ قَدِمْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَدَعْ جَمَلَكَ وَادْخُلْ فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ قَالَ فَدَخَلْتُ فَصَلَّيْتُ ثُمَّ رَجَعْتُ فَأَمَرَ بِلَالًا أَنْ يَزِنَ لِي أُوقِيَّةً فَوَزَنَ لِي بِلَالٌ فَأَرْجَحَ فِي الْمِيزَانِ قَالَ فَانْطَلَقْتُ فَلَمَّا وَلَّيْتُ قَالَ ادْعُ لِي جَابِرًا فَدُعِيتُ فَقُلْتُ الْآنَ يَرُدُّ عَلَيَّ الْجَمَلَ وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْهُ فَقَالَ خُذْ جَمَلَكَ وَلَكَ ثَمَنُهُ[3641,3640]

میں نے عرض کیا بیوہ سے۔آپؐ نے فرمایا کسی کنواری سے کیوں نہیں؟ تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی۔ میں نے عرض کیا کہ میری کئی بہنیں ہیں اس لئے میں نے چاہا کہ میں ایسی عورت سے شادی کروں جو انہیں اکٹھا رکھے اوران کی کنگھی چوٹی کرے اوران کی دیکھ بھال کرے۔آپؐ نے فرمایا تم گھر جانے والے ہو پس جب تم گھر جاؤ تو دانائی اختیار کرنا، دانائی اختیار کرنا۔ پھر آپؐ نے فرمایا کیا تم اپنا اونٹ بیچو گے؟ میں نے عرض کیا جی۔تو آپؐ نے ایک اوقیہ (چاندی) کے عوض وہ (اونٹ) مجھ سے خرید لیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے اور میں صبح پہنچا اور مسجد گیا تو آپ کو مسجد کے دروازہ پر پایا آپؐ نے فرمایا کیا تم اب آئے ہو؟ میں نے عرض کیا جی۔ آپؐ نے فرمایا اپنے اونٹ کو چھوڑ دو اور مسجد میں داخل ہو کر دو رکعت نماز پڑھو وہ کہتے ہیں میں مسجد میں داخل ہوا اور نماز پڑھی پھر میں واپس آیا تو آپؐ نے بلالؓ سے فرمایا اسے ایک اوقیہ (چاندی) تول دو بلالؓ نے میرے لئے میزان کو جھکا کر تولا۔ وہ کہتے ہیں پھر میں چلا جب میں مڑا تو آپؐ نے فرمایا جابر کو میرے پاس بلاؤ مجھے بلایا گیا میں نے سوچا کہ اب آپؐ اونٹ مجھے واپس کر دینگے اوراس سے زیادہ مجھے کوئی اور بات نا پسند نہ تھی۔آپؐ نے فرمایا اپنا اونٹ لے لو اوراس کی قیمت بھی تمہاری ہوئی۔

2653{58}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي حَدَّثَنَا أَبُو نَضْرَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا فِي مَسِيرٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا عَلَى نَاضِحٍ إِنَّمَا هُوَ فِي أُخْرَيَاتِ النَّاسِ قَالَ فَضَرَبَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ قَالَ نَخَسَهُ أُرَاهُ قَالَ بِشَيْءٍ كَانَ مَعَهُ قَالَ فَجَعَلَ بَعْدَ ذَلِكَ يَتَقَدَّمُ النَّاسَ يُنَازِعُنِي حَتَّى إِنِّي لَأَكُفُّهُ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَبِيعُنِيهِ بِكَذَا وَكَذَا وَاللَّهُ يَغْفِرُ لَكَ قَالَ قُلْتُ هُوَ لَكَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ قَالَ أَتَبِيعُنِيهِ بِكَذَا وَكَذَا وَاللَّهُ يَغْفِرُ لَكَ قَالَ قُلْتُ هُوَ لَكَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ قَالَ وَقَالَ لِي أَتَزَوَّجْتَ بَعْدَ أَبِيكَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ ثَيِّبًا أَمْ بِكْرًا قَالَ قُلْتُ ثَيِّبًا قَالَ فَهَلَّا تَزَوَّجْتَ بِكْرًا تُضَاحِكُكَ وَتُضَاحِكُهَا وَتُلَاعِبُكَ وَتُلَاعِبُهَا قَالَ أَبُو

2653: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور میں ایک پانی لانے والے اونٹ پر سوار تھا وہ پچھلے لوگوں میں تھا۔ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مارا یا راوی کہتے ہیں آپؐ نے اس کو چبھویا۔ راوی کہتے ہیں نیز انہوں نے کہا کسی چیز کے ساتھ جو آپؐ کے پاس تھی۔ اس کے بعد وہ سب لوگوں سے آگے نکلنے لگا۔ وہ مجھ سے چھوٹ چھوٹ جاتا تھا اور میں اس کو روکتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا کیا تم اسے اتنی قیمت پر میرے ساتھ بیچو گے؟ اللہ تمہاری مغفرت فرمائے۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کی اے اللہ کے نبیؐ! یہ آپؐ کا ہے۔ فرمایا کیا تم اسے اس قیمت پر میرے پاس بیچو گے؟ اللہ تمہاری مغفرت فرمائے۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کی اے اللہ کے نبیؐ! یہ آپؐ کا ہی ہے۔ وہ کہتے ہیں آپؐ نے مجھے فرمایا کیا تم نے اپنے والد کی وفات کے بعد شادی کی ہے؟ میں نے عرض کیا جی۔ آپؐ نے فرمایا کیا بیوہ سے

2653: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب استحباب نکاح ذات الدین 2647، 2648، 2650، 2651، 2652 کتاب المساقاۃ باب البعیر واستثناء رکوبہ 2983، 2984، 2985، 2986، 2987 کتاب الامارۃ باب کراھۃ الطروق وھو الدخول 3542، 3543، 3544
تخریج: بخاری کتاب البیوع باب شرائع الدواب والحمیر 2097 کتاب الوکالۃ باب اذا وکل رجل رجلًا ان یوتی شیئًا لم یبین کم یوتی ... 2309 کتاب الشروط باب اذا اشترط البائع... 2718 کتاب الجھاد والسیر باب من ضرب دابۃ غیرہ فی الغزو 2861 باب استئذان الرجل الامام 2967 کتاب النکاح باب تزویج الثیبات 5079 باب طلب الولد 5245 باب تستحد المغیبۃ وتمشط الشعثۃ 5247 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فی تزویج الابکار 1100 **نسائی** کتاب النکاح نکاح الابکار 3219، 3220 علی ما تنکح المرأۃ 3226 کتاب البیوع البیع یکون فیہ الشرط فیصح البیع والشرط 4637، 4638، 4639، 4640، 4641 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی تزویج الابکار 2048 **ابن ماجہ** کتاب النکاح باب تزویج الابکار 1860

نَضْرَةَ فَكَانَتْ كَلِمَةً يَقُولُهَا الْمُسْلِمُونَ افْعَلْ كَذَا وَكَذَا وَاللَّهُ يَغْفِرُ لَكَ [3642]

یا کنواری سے؟ میں نے عرض کیا بیوہ سے۔آپؐ نے فرمایا تم نے کسی کنواری سے کیوں شادی نہ کی؟ تم اس سے کھیلتے اور وہ تم سے کھیلتی۔وہ تم سے ہنستی اور تم اس سے ہنستے۔ابوالنضرہ کہتے ہیں کہ یہ وہ کلمہ ہے جسے مسلمان کہتے ہیں کہ تم ایسے ایسے کرو اللہ تمہیں بخشے گا۔

[17]41:بَاب:خَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ

باب: دنیا کی بہترین متاع نیک عورت ہے

2654{59} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ أَخْبَرَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ شَرِيكٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ [3643]

2654: حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دنیا ایک دولت ہے اور دنیا کی بہترین دولت نیک عورت ہے۔

[18]42:بَاب:الْوَصِيَّةُ بِالنِّسَاءِ

باب: عورتوں کے بارہ میں وصیت

2655{60} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي ابْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي

2655: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عورت پسلی کی مانند ہے جب تم اسے سیدھا کرنے لگو گے تو اسے توڑ دو گے

2654:**تخریج**: **نسائی** کتاب النکاح المرأة الصالحة 3232 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب أفضل النسآء 1855

2655: **اطراف**: **مسلم** کتاب الرضاع باب الوصية بالنسآء 2656، 2657

تخریج: **بخاری** کتاب احادیث الانبیاء باب خلق ادم وذریته 3331 کتاب النکاح باب المداراة مع النساء وقول النبی ﷺ انما المرأة كالضلع 5184 باب الوصاة بالنسآء 5186 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان باب ماجاء فی مداراة النسآء 1188

هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَرْأَةَ كَالضِّلَعِ إِذَا ذَهَبْتَ تُقِيمُهَا كَسَرْتَهَا وَإِنْ تَرَكْتَهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَفِيهَا عِوَجٌ و حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ كِلَاهُمَا عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمِّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ سَوَاءً [3644,3645]

اور اگر تم اسے چھوڑ دو گے اس سے فائدہ اُٹھاؤ گے جبکہ اس میں کجی ہوگی۔

2656{61}حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَرْأَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ لَنْ تَسْتَقِيمَ لَكَ عَلَى طَرِيقَةٍ فَإِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَبِهَا عِوَجٌ وَإِنْ ذَهَبْتَ تُقِيمُهَا كَسَرْتَهَا وَكَسْرُهَا طَلَاقُهَا[3646]

2656: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے اور وہ تیرے لئے کسی ڈگر پر بھی سیدھی نہ ہو گی۔ اگر تم اس سے فائدہ اُٹھانا چاہتے ہو تو تم اس سے اس طرح فائدہ اُٹھا سکتے ہو کہ اس میں کجی ہوگی۔ اگر تم اسے سیدھا کرنے لگو گے تو اسے توڑ دو گے اور اس کو توڑنا اسے طلاق دینا ہے۔

2657{62}و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ مَيْسَرَةَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ

2657: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے نبی ﷺ نے فرمایا جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لاتا ہے۔ جب وہ کوئی بات دیکھے تو اسے چاہئے کہ اچھی بات

2656:**اطراف : مسلم** کتاب الرضاع باب الوصیة بالنسآء2655 ، 2657

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب خلق ادم وذریته3331 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان باب ماجاء فی مداراۃ النسآء 1188

2657:**اطراف : مسلم** کتاب الرضاع باب الوصیة بالنسآء2655 ، 2656

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب خلق ادم وذریته 3331 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان باب ماجاء فی مداراۃ النسآء 1188

النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَإِذَا شَهِدَ أَمْرًا فَلْيَتَكَلَّمْ بِخَيْرٍ أَوْ لِيَسْكُتْ وَاسْتَوْصُوا بِالنِّسَاءِ فَإِنَّ الْمَرْأَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ وَإِنَّ أَعْوَجَ شَيْءٍ فِي الضِّلَعِ أَعْلَاهُ إِنْ ذَهَبْتَ تُقِيمُهُ كَسَرْتَهُ وَإِنْ تَرَكْتَهُ لَمْ يَزَلْ أَعْوَجَ اسْتَوْصُوا بِالنِّسَاءِ خَيْرًا [3647]

کہے یا پھر خاموش رہے اور بیویوں کے بارہ میں نصیحت مانو کیونکہ عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے اور پسلی میں زیادہ ٹیڑھا اس کا اوپر والا حصہ ہے اگر اسے سیدھا کرنے لگو گے تو اسے توڑ دو گے اور اگر اسے چھوڑ دو گے تو وہ ٹیڑھی ہی رہے گی اور عورتوں کے بارہ میں بھلائی کی نصیحت مانو۔

2658{63}و حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا عِيسَى يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَفْرَكْ مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَةً إِنْ كَرِهَ مِنْهَا خُلُقًا رَضِيَ مِنْهَا آخَرَ أَوْ قَالَ غَيْرَهُ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [3649,3648]

2658: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی مومن مرد کسی مومن عورت سے بغض نہ رکھے اگر وہ اس کے کسی خُلق کو ناپسند کرے گا تو کسی خُلق کو پسند بھی تو کریگا۔

2658: اطراف : **مسلم** كتاب الرضاع باب الوصية بالنسآء 2655 ، 2656، 2657

[19]43:بَاب لَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ أُنْثَى زَوْجَهَا الدَّهْرَ

باب:اگر حوّا نہ ہوتی تو کبھی کوئی بیوی اپنے خاوند سے خیانت نہ کرتی

2659{64}حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ أَبَا يُونُسَ مَوْلَى أَبِي هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ أُنْثَى زَوْجَهَا الدَّهْرَ [3650]

2659: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر حوا نہ ہوتی تو کبھی کوئی بیوی اپنے خاوند سے کبھی خیانت نہ کرتی۔☆

2660{65}وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا بَنُو إِسْرَائِيلَ لَمْ يَخْبُثْ الطَّعَامُ وَلَمْ يَخْنَزِ اللَّحْمُ وَلَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ أُنْثَى زَوْجَهَا الدَّهْرَ [3651]

2660: ہمام بن منبہ سے روایت ہے کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہوئے ہمیں بتائی ہیں پھر انہوں نے ان میں سے کچھ احادیث کا ذکر کیا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر بنو اسرائیل نہ ہوتے تو کھانا خراب نہ ہوتا اور گوشت بھی نہ سڑتا اگر حوا نہ ہوتی تو کبھی کوئی بیوی اپنے خاوند سے کبھی خیانت نہ کرتی۔

☆ یہ روایات قابل تحقیق ہیں قرآن شریف نے تو اس ضمن میں حضرت آدم علیہ السلام کی اجتہادی غلط فہمی کا ذکر کر دیا ہے۔بعض محققین کی رائے ہے کہ حضرت ابوھریرہؓ کی تقاریر اور درسوں میں ان کے بعض اپنے مقولے سننے والوں نے احادیث سمجھ لئے ہیں۔واللہ اعلم

2659 : اطراف:مسلم کتاب الرضاع باب لو لاحوّاء لم تخن انثٰی زوجها الدهر 2660

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب خلق اٰدم وذریته3330

2660 : اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب لو لاحوّاء لم تخن انثٰی زوجها الدهر 2659

تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب خلق اٰدم وذریته3330

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ الطَّلَاقِ

طلاق کے بارہ میں کتاب

[1]1:بَاب: تَحْرِيمُ طَلَاقِ الْحَائِضِ بِغَيْرِ رِضَاهَا وَأَنَّهُ لَوْ خَالَفَ وَقَعَ الطَّلَاقُ وَيُؤْمَرُ بِرَجْعَتِهَا

باب: حائضہ کو اس کی رضامندی کے بغیر طلاق دینے کی ممانعت اور اگر (مرد) اس کی خلاف ورزی کرے تو طلاق واقع ہو جائے گی مگر اس کو رجوع کا حکم دیا جائے گا

2661{1} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ

2661: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنی بیوی کو طلاق دی جبکہ وہ حائضہ تھیں۔ حضرت عمر بن خطابؓ نے اس بارہ میں رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں فرمایا اسے حکم دو کہ وہ رجوع کرے پھر اسے رہنے دے یہانتک کہ وہ پاک

2661:اطراف: **مسلم** کتاب الطلاق باب تحریم طلا ق الحائض بغیر رضاھا... 2662 ، 2663 ، 2664 ، 2665، 2666، 2667 ، 2668 ، 2669، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخریج: بخاری کتاب الطلاق باب قول اللہ تعالیٰ یا یھا النبی اذا طلقتم النساء فطلقو ھن .....5251 تفسیر القرآن سورۃ الطلاق 4908 کتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وھل یواجہ الرجل امرأ تہ بالطلاق 5258باب(وبعولتھن احق بردھن)فی العدۃ وکیف یراجع المرأ ۃ.... 5332 باب مراجعۃ الحائض 5333کتاب الاحکام باب ھل یقضی القاضی او یفتی وھو غضبان 7160 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول اللہ ﷺ باب ماجاء فی طلاق السنۃ 1175، 1176 **نسائی** کتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدۃ التی امر اللہ عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مایفعل اذا طلق تطلیقۃ وھی حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغیر العدۃ 3398 الطلاق لغیر العدۃوما یحتسب منہ علی المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعۃ 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی طلاق السنۃ2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجہ** کتاب الطلاق باب طلاق السنۃ2019 ، 2022 باب الحامل کیف تطلق2023

اللّٰه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيَتْرُكْهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ إِنْ شَاءَ أَمْسَكَ بَعْدُ وَإِنْ شَاءَ طَلَّقَ قَبْلَ أَنْ يَمَسَّ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ

ہوجائے۔ پھر وہ حائضہ ہو پھر پاک ہوجائے۔ پھر اس کے بعد اگر وہ چاہے تو اسے روک لے اور چاہے تو تعلق قائم کرنے سے پہلے طلاق دے دے۔ پس یہی وہ عدت ہے جس کے مطابق اللہ عزّ وجل نے عورتوں کی طلاق کی اجازت دی ہے۔

2662:حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ رُمْحٍ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى قَالَ قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا لَيْثٌ وَقَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَةً لَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً وَاحِدَةً فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرَاجِعَهَا ثُمَّ يُمْسِكَهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ عِنْدَهُ حَيْضَةً أُخْرَى ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتَّى تَطْهُرَ مِنْ حَيْضَتِهَا فَإِنْ أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا حِينَ تَطْهُرُ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُجَامِعَهَا فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللَّهُ أَنْ يُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ

2662: حضرت عبد اللہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دی اور وہ حائضہ تھیں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ وہ رجوع کرے پھر اسے اپنے پاس رکھے۔ یہاںتک کہ وہ پاک ہوجائے۔ پھر ان کے پاس ہی وہ دوسری مرتبہ حائضہ ہو۔ پھر وہ اسے مہلت دے یہاںتک کہ وہ اپنے حیض سے پاک ہوجائے۔ پھر اگر وہ اسے طلاق دینا چاہے تو جب وہ پاک ہوجائے تو اس سے مجامعت کرنے سے قبل اسے طلاق دے دے۔ پس یہ وہ عدت ہے جس کے مطابق اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ہے کہ عورتوں کو طلاق دی جائے۔ ابن رُمح نے

2662: اطراف : مسلم كتاب الطلاق باب تحريم طلا ق الحائض بغير رضاها... 2661 ، 2663 ،2664 ،2665 ، 2666 ، 2667 ، 2668 ، 2669، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخريج: بخارى كتاب الطلاق باب قول الله تعالىٰ يا يها النبى اذا طلقتم النساء فطلقو هن ..... 5251 تفسير القرآن سورة الطلاق 4908 كتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل يواجه الرجل امراته بالطلاق 5258باب(وبعولتهن احق بردهن)فى العدة وكيف يراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333كتاب الاحكام باب هل يقضى القاضى او يفتى وهو غضبان 7160 **ترمذى** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فى طلاق السنة 1175، 1176 **نسائى** كتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التى امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مايفعل اذا طلق تطليقة وهى حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغير العدة 3398 الطلاق لغير العدةوما يحتسب منه على المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فى طلاق السنة 2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب طلاق السنة 2019 ، 2022 باب الحامل كيف تطلق 2023

وَزَادَ ابْنُ رُمْحٍ فِي رِوَايَتِهِ وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ إِذَا سُئِلَ عَنْ ذَلِكَ قَالَ لِأَحَدِهِمْ أَمَّا أَنْتَ طَلَّقْتَ امْرَأَتَكَ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنِي بِهَذَا وَإِنْ كُنْتَ طَلَّقْتَهَا ثَلَاثًا فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْكَ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَكَ وَعَصَيْتَ اللَّهَ فِيمَا أَمَرَكَ مِنْ طَلَاقِ امْرَأَتِكَ قَالَ مُسْلِم جَوَّدَ اللَّيْثُ فِي قَوْلِهِ تَطْلِيقَةً وَاحِدَةً [3653,3652]

اپنی روایت میں یہ مزید کہا کہ عبداللہؓ سے جب اس بارہ میں پوچھا جاتا تو وہ کہتے کہ تم نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دی ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس کا حکم دیا تھا اور اگر تم نے اسے تیسری طلاق دی ہوتی تو وہ تم پر حرام ہو جاتی یہاں تک کہ وہ تمہارے علاوہ کسی اور سے شادی کرتی تو تم اپنی بیوی کو طلاق دینے کے بارہ میں جو حکم اللہ نے دیا ہے اس کی نافرمانی کرنے والے ٹھہرتے۔ مسلم نے کہا ہے کہ لیث نے اپنے قول میں بہت عمدہ کہا ہے کہ یہ ایک طلاق ہے۔

2663{2} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ طَلَّقْتُ امْرَأَتِي عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ ذَلِكَ عُمَرُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيَدَعْهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ حَيْضَةً

2663: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنی بیوی کو طلاق دی اور وہ حائضہ تھیں۔ حضرت عمرؓ نے اس کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا تو آپؐ نے فرمایا اسے حکم دو کہ وہ اس سے رجوع کرے پھر اسے رہنے دے یہانتک کہ وہ پاک ہو جائے۔ پھر وہ دوسری مرتبہ حائضہ ہو پھر جب پاک ہو جائے تو اُس سے جماع

2663 : **اطراف :مسلم** كتاب الطلاق باب تحريم طلا ق الحائض بغير رضاها 2661 ، 2662 ، 2664 ،2665 ،2666 2667 ، 2668 ، 2669، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخريج: بخارى كتاب الطلاق باب قول الله تعالىٰ يا يها النبى اذا طلقتم النساء فطلقو هن ..... 5251 تفسير القرآن سورة الطلاق 4908 كتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالك الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل يواجه الرجل امراته بالطلاق 5258 باب(وبعولتهن احق بردهن)فى العدة وكيف يراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333 كتاب الاحكام باب هل يقضى القاضى او يفتى وهو غضبان 7160 **ترمذى** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فى طلاق السنة 1175، 1176 **نسائى** كتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التى امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مايفعل اذا طلق تطليقة وهى حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغير العدة 3398 الطلاق لغير العدةوما يحتسب منه على المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فى طلاق السنة 2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب طلاق السنة 2019 ، 2022 باب الحامل كيف تطلق 2023

أُخْرَى فَإِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا قَبْلَ أَنْ يُجَامِعَهَا أَوْ يُمْسِكْهَا فَإِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللَّهُ أَنْ يُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ قَالَ عُبَيْدُ اللَّه قُلْتُ لِنَافِعٍ مَا صَنَعَت التَّطْلِيقَةُ قَالَ وَاحِدَةٌ اعْتَدَّ بِهَا و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّه بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ عُبَيْد اللَّه بِهَذَا الْإِسْنَاد نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَ عُبَيْد اللَّه لِنَافِعٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى فِي رِوَايَتِه فَلْيَرْجِعْهَا و قَالَ أَبُو بَكْرٍ فَلْيُرَاجِعْهَا [3655,3654]

کرنے سے پہلے طلاق دے یا اسے روک لے کیونکہ یہی وہ عدت ہے جس کے بارہ میں اللہ نے حکم دیا ہے کہ عورتوں کو طلاق دی جائے۔عبیداللہ کہتے ہیں میں نے نافع سے کہا اس طلاق کا کیا ہوا؟ انہوں نے کہا ایک شمار ہوگی۔

ایک اور روایت میں (فَلْيُرَاجِعْهَا کی بجائے) فَلْيَرْجِعْهَا کے الفاظ ہیں۔

2664{3} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَسَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ أَنْ يَرْجِعَهَا ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتَّى تَحِيضَ حَيْضَةً أُخْرَى ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ يُطَلِّقَهَا قَبْلَ أَنْ

2664: نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور وہ حائضہ تھیں۔ اس پر حضرت عمرؓ نے نبی ﷺ سے پوچھا تو آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ اس سے رجوع کرے وہ پھر اُسے مہلت دے یہانتک کہ وہ ایک دفعہ پھر حائضہ ہو جائے پھر اسے مہلت دے یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائے پھر

2664:**اطراف: مسلم** کتاب الطلاق باب تحریم طلا ق الحائض بغیر رضاھا... 2661 ، 2662 ، 2663 ،2665 ، 2666 2667 ، 2668 ، 2669، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخریج: بخاری کتاب الطلاق باب قول الله تعالیٰ یا یھا النبی اذا طلقتم النساء فطلقو ھن .....5251 تفسیر القرآن سورة الطلاق 4908 کتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وھل یواجه الرجل امراته بالطلاق 5258 باب (وبعولتھن احق بردھن)فی العدة وکیف یراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333کتاب الاحکام باب ھل یقضی القاضی اویفتی وھو غضبان 7160 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی طلاق السنة 1175، 1176 **نسائی** کتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التی امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مایفعل اذا طلق تطلیقة وھی حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغیر العدة 3398 الطلاق لغیر العدةوما یحتسب منه علی المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** کتاب الطلاق باب فی طلاق السنة2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل کیف تطلق2023

يَمَسَّهَا فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللَّهُ أَنْ يُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ قَالَ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ يَقُولُ أَمَّا أَنْتَ طَلَّقْتَهَا وَاحِدَةً أَوْ اثْنَتَيْنِ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ أَنْ يَرْجِعَهَا ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتَّى تَحِيضَ حَيْضَةً أُخْرَى ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ يُطَلِّقَهَا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّهَا وَأَمَّا أَنْتَ طَلَّقْتَهَا ثَلَاثًا فَقَدْ عَصَيْتَ رَبَّكَ فِيمَا أَمَرَكَ بِهِ مِنْ طَلَاقِ امْرَأَتِكَ وَبَانَتْ مِنْكَ [3656]

اس سے تعلق قائم کرنے سے پہلے طلاق دے۔ پس یہ وہ عدت ہے جس کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو طلاق دینے کی اجازت دی ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ جب حضرت ابن عمرؓ سے ایسے شخص کے بارہ میں سوال کیا جاتا کہ جب کوئی اپنی بیوی کو حائضہ ہونے کی حالت میں طلاق دیتا ہے۔ تو کہتے کہ خواہ تو نے ایک طلاق دی یا دو۔ یقیناً رسول اللہ ﷺ نے اس کے بارہ میں یہ حکم دیا ہے کہ وہ رجوع کرے۔ پھر اسے مہلت دے یہاں تک کہ وہ دوسری مرتبہ حائضہ ہو جائے۔ پھر اسے مہلت دے کہ وہ پاک ہو جائے۔ پھر اس سے تعلق قائم کرنے سے پہلے طلاق دے اور اگر تم نے اسے تین بار طلاق دی تو تم نے اپنے رب کے اپنی بیوی کو طلاق کے بارہ میں حکم کی نافرمانی کی اور (اب) وہ تجھ سے علیحدہ ہو چکی۔

2665{4}حَدَّثَنِي عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ وَهُوَ ابْنُ

2665: حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور وہ حائضہ تھی۔ حضرت عمرؓ

2665: اطراف : مسلم كتاب الطلاق باب تحريم طلا ق الحائض بغير رضاها... 2661 ، 2662 ، 2663 ، 2664، 2666 ، 2667 ، 2668 ، 2669، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخريج: بخارى كتاب الطلاق باب قول الله تعالىٰ يا يها النبى اذا طلقتم النساء فطلقو هن .....5251 تفسير القرآن سورة الطلاق 4908 كتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل يواجه الرجل امراته بالطلاق 5258 باب(وبعولتهن احق بردهن)فى العدة وكيف يراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333 كتاب الاحكام باب هل يقضى القاضى او يفتى وهو غضبان 7160 **ترمذى** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فى طلاق السنة 1175، 1176 **نسائى** كتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التى امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مايفعل اذا طلق تطليقة وهى حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغير العدة 3398 الطلاق لغير العدةوما يحتسب منه على المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فى طلاق السنة 2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 ، 2185 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب طلاق السنة 2019 ، 2022 باب الحامل كيف تطلق 2023

أَخِي الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمِّهِ أَخْبَرَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ طَلَّقْتُ امْرَأَتِي وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ ذَلِكَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَيَّظَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا حَتَّى تَحِيضَ حَيْضَةً أُخْرَى مُسْتَقْبَلَةً سِوَى حَيْضَتِهَا الَّتِي طَلَّقَهَا فِيهَا فَإِنْ بَدَا لَهُ أَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا مِنْ حَيْضَتِهَا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّهَا فَذَلِكَ الطَّلَاقُ لِلْعِدَّةِ كَمَا أَمَرَ اللَّهُ وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ طَلَّقَهَا تَطْلِيقَةً وَاحِدَةً فَحُسِبَتْ مِنْ طَلَاقِهَا وَرَاجَعَهَا عَبْدُ اللَّهِ كَمَا أَمَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ و حَدَّثَنِيهِ إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنِي الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَرَاجَعْتُهَا وَحَسَبْتُ لَهَا التَّطْلِيقَةَ الَّتِي طَلَّقْتُهَا [3658,3657]

نے نبی ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو رسول اللہ ﷺ ناراض ہوئے اور فرمایا اسے حکم دو کہ وہ اس سے رجوع کرے یہاںتک کہ اسے دوسرا حیض آجائے اس حیض کے علاوہ جس میں اس نے اسے طلاق دی ہے۔ پھر اگر اس کا ارادہ اسے طلاق دینے کا ہوتو وہ اسے حیض سے پاک ہونے کی حالت میں طلاق دے قبل اس کے کہ وہ اس سے تعلق قائم کرے۔ یہ طلاق اس عدت کے بارہ میں ہے جس کا اللہ نے حکم دیا ہے اور حضرت عبداللہؓ نے اسے ایک طلاق دی تھی اور حضرت عبداللہؓ نے رجوع کرلیا جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں حکم دیا تھا۔ پس اس کی ایک طلاق شمار کی گئی۔

ایک اور روایت میں اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے کہا کہ میں نے رجوع کرلیا تھا اور جو میں نے اس کو طلاق دی تھی اس کو ایک طلاق شمار کیا۔

2666{5} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ

2666: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور وہ حائضہ تھی۔ اس بات کا ذکر حضرت عمرؓ نے نبی ﷺ سے کیا تو آپؐ نے

2666 : **اطراف** :مسلم کتاب الطلاق باب تحریم طلاق الحائض بغیر رضاھا ... 2661 ، 2662 ، 2663، 2664 ، 2665 ، 2667 ، 2668 ، 2669، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674 =

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ ذَلِكَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا أَوْ حَامِلًا [3659]

فرمایا اسے حکم دو کہ وہ رجوع کرے پھر اسے پاک ہونے یا حاملہ ہونے کی حالت میں طلاق دے۔☆

2667{6}و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ وَهُوَ ابْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ

2667: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور وہ حائضہ تھی۔ اس پر حضرت عمرؓ نے اس بارہ میں رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا اسے حکم دو کہ وہ رجوع کرے

=**تخریج: بخاری** کتاب الطلاق باب قول الله تعالیٰ یا یها النبی اذا طلقتم النساء فطلقو هن .....5251 تفسیر القرآن سورة الطلاق 4908 کتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل یواجه الرجل امراته بالطلاق 5258 باب(وبعولتهن احق بردهن)فی العدة وکیف یراجع المرأ ة .... 5332 باب مراجعة الحائض 5333کتاب الاحکام باب هل یقضی القاضی او یفتی وهو غضبان 7160 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی طلاق السنة 1175 1176 **نسائی** کتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التی امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مایفعل اذا طلق تطلیقة وهی حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغیر العدة 3398 الطلاق لغیر العدةوما یحتسب منه علی المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی طلاق السنة 2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 ، 2185 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل کیف تطلق2023

☆ یہ آخری بات راوی کا اپنا اشتباہ معلوم ہوتا ہے واللہ اعلم۔ شرح نووی میں لکھا ہے کہ بعض علماء حاملہ کو طلاق دینا حرام قرار دیتے ہیں

2667: اطراف: مسلم کتاب الطلاق باب تحریم طلا ق الحائض بغیر رضاها ..... 2661 ، 2662 ، 2663 ، 2664 ، 2665 ، 2666 ، 2668 ، 2669 ، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخریج: بخاری کتاب الطلاق باب قول الله تعالیٰ یا یها النبی اذا طلقتم النساء فطلقو هن .....5251 تفسیر القرآن سورة الطلاق 4908 کتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل یواجه الرجل امراته بالطلاق 5258باب(وبعولتهن احق بردهن)فی العدة وکیف یراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333کتاب الاحکام باب هل یقضی القاضی او یفتی وهو غضبان 7160 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی طلاق السنة 1175،1176 **نسائی** کتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التی امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مایفعل اذا طلق تطلیقة وهی حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغیر العدة 3398 الطلاق لغیر العدةوما یحتسب منه علی المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی طلاق السنة2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل کیف تطلق2023

وَهِيَ حَائِضٌ فَسَأَلَ عُمَرُ عَنْ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ حَيْضَةً أُخْرَى ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ يُطَلِّقُ بَعْدُ أَوْ يُمْسِكُ[3660]

حتّٰی کہ وہ پاک ہو جائے پھر وہ دوسری مرتبہ حائضہ ہو پھر پاک ہو، پھر اس کے بعد وہ طلاق دے یا روک لے۔

2668{7}وحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ مَكَثْتُ عِشْرِينَ سَنَةً يُحَدِّثُنِي مَنْ لَا أَتَّهِمُ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا وَهِيَ حَائِضٌ فَأُمِرَ أَنْ يُرَاجِعَهَا فَجَعَلْتُ لَا أَتَّهِمُهُمْ وَلَا أَعْرِفُ الْحَدِيثَ حَتَّى لَقِيتُ أَبَا غَلَّابٍ يُونُسَ بْنَ جُبَيْرٍ الْبَاهِلِيَّ وَكَانَ ذَا ثَبَتٍ فَحَدَّثَنِي أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ فَحَدَّثَهُ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ تَطْلِيقَةً وَهِيَ حَائِضٌ فَأُمِرَ أَنْ يَرْجِعَهَا قَالَ قُلْتُ أَفَحُسِبَتْ عَلَيْهِ قَالَ فَمَهْ أَوَ إِنْ عَجَزَ

2668: ابن سیرین سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھ سے ایک ایسا شخص جس پر میں کوئی تہمت نہیں لگاتا بیس سال تک بیان کرتا رہا کہ حضرت ابن عمرؓ نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی تھیں اور وہ حائضہ تھیں تو انہیں رجوع کرنے کا حکم دیا گیا۔ میں نہ تو (اس روایت کے) راویوں پر تہمت لگاتا تھا اور نہ ہی مجھے اس روایت کی معرفت تھی یہاں تک کہ میں ابوغلاب یونس بن جبیر الباہلی سے ملا اور وہ قابلِ اعتماد آدمی تھے۔ تو انہوں نے مجھے بتایا کہ انہوں نے ابنِ عمرؓ سے پوچھا تھا تو انہوں نے مجھے (ابوغلاب کو) بتایا کہ انہوں نے حالتِ حیض میں اپنی عورت کو طلاق دی تو انہیں حکم دیا

2668: **اطراف**: **مسلم** کتاب الطلاق باب تحریم طلا ق الحائض بغیر رضاها 2661 ، 2662 ، 2663 ،2664 ، 2665 ، 2666 ، 2667 ، 2669، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخریج: **بخاری** کتاب الطلاق باب قول الله تعالیٰ یا یها النبی اذا طلقتم النساء فطلقو هن .....5251 تفسیر القرآن سورة الطلاق 4908 کتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل یواجه الرجل امراته بالطلاق 5258 باب(وبعولتهن احق بردهن)فی العدة وکیف یراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333کتاب الاحکام باب هل یقضی القاضی او یفتی وهو غضبان 7160 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی طلاق السنة 1175،1176 **نسائی** کتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التی امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مایفعل اذا طلق تطلیقة وهی حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغیر العدة 3398 الطلاق لغیر العدةوما یحتسب منه علی المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی طلاق السنة2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل کیف تطلق2023

وَاسْتَحْمَقَ و حَدَّثَنَاه أَبُو الرَّبِيعِ وَقُتَيْبَةُ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَسَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ {8} و حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي عَنْ أَيُّوبَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ فَسَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ فَأَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا حَتَّى يُطَلِّقَهَا طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَقَالَ يُطَلِّقُهَا فِي قُبُلِ عِدَّتِهَا[3663,3662,3661]

گیا کہ وہ رجوع کریں۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا کیا وہ طلاق اس کی طرف سے شمار کی گئی؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں اگر چہ (طلاق دینے والا) عاجز آجاتا یا حواس کھو بیٹھتا (تو کیا طلاق شمار نہ ہوتی)۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے نبی ﷺ سے اس بارہ میں پوچھا تو آپؐ نے انہیں حکم دیا ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے اس بارہ میں نبی ﷺ سے پوچھا تو آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ وہ رجوع کرے حتّٰی کہ وہ طہر کی حالت میں بغیر ازدواجی تعلق طلاق دے اور فرمایا وہ اسے عدت کے آغاز میں طلاق دے۔

2669{9} و حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ عَنْ يُونُسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ رَجُلٌ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَقَالَ أَتَعْرِفُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ فَإِنَّهُ

2669: یونس بن جبیر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عمرؓ سے کہا: ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور وہ حائضہ تھی۔ انہوں نے کہا کیا تم عبداللہ بن عمرؓ کو جانتے ہو؟ انہوں نے اپنی بیوی کو طلاق دی تھی اور وہ حائضہ تھی۔ اس پر حضرت عمرؓ

2669: **اطراف**: **مسلم** کتاب الطلاق باب تحریم طلا ق الحائض بغیر رضاھا ..... 2661 ، 2662 ، 2663 ،2664 ، 2665 ، 2666 ، 2667 ، 2669 ، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

يَمْشِي عَلَى الْأَرْضِ مَا يَمَسُّهُ بِيَدِهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّمَا كُنْتَ فِي الْغُرْفَةِ تِسْعَةً وَعِشْرِينَ قَالَ إِنَّ الشَّهْرَ يَكُونُ تِسْعًا وَعِشْرِينَ فَقُمْتُ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ فَنَادَيْتُ بِأَعْلَى صَوْتِي لَمْ يُطَلِّقْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ وَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَى أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ فَكُنْتُ أَنَا اسْتَنْبَطْتُ ذَلِكَ الْأَمْرَ وَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ آيَةَ التَّخْيِيرِ [3691]

طلاق دے دی ہے۔کیا میں اُتروں اور انہیں بتاؤں کہ آپؐ نے انہیں طلاق نہیں دی۔آپؐ نے فرمایا ہاں اگر تم چاہو۔میں آپؐ سے گفتگو کرتا رہا یہانتک کہ آپؐ کے چہرہ سے ناراضگی جاتی رہی اور یہانتک کہ آپؐ کھل کھلا کر ہنس پڑے اور آپؐ کے دندانِ مبارک سب لوگوں سے زیادہ خوبصورت تھے۔پھر نبی ﷺ اُترے اور میں بھی اُترا اور میں کھجور کے تنے کو پکڑ کر اترتا تھا اور رسول اللہ ﷺ ایسے اترے گویا زمین پر چل رہے ہوں۔اور آپؐ نے اس کو ہاتھ تک نہیں لگایا۔میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کمرہ میں اُنتیس دن ٹھہرے ہیں۔آپؐ نے فرمایا مہینہ اُنتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔میں مسجد کے دروازہ میں کھڑا ہو گیا اور بلند آواز سے پکارا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواج مطہرات کو طلاق نہیں دی اور یہ آیت نازل ہوئی وَاِذَا جَاءَ هُمْ أَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ ... اور جب بھی ان کے پاس کوئی امن یا خوف کی بات آئے تو وہ اسے مشتہر کر دیتے ہیں اور اگر وہ اسے (پھیلانے کی بجائے) رسول کی طرف یا اپنے میں سے کسی صاحبِ امر کے سامنے پیش کر دیتے تو ان میں سے جو اس سے استنباط کرتے وہ ضرور اس (کی حقیقت) کو جان لیتے☆ (حضرت عمرؓ کہتے ہیں) کہ میں نے اس امر کا استنباط کیا اور اللہ عزوجل نے آیتِ تخییر نازل فرمائی۔

☆(النساء : 84)

2691{31}حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ أَخْبَرَنِي يَحْيَى أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ بْنُ حُنَيْنٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَبَّاسٍ يُحَدِّثُ قَالَ مَكَثْتُ سَنَةً وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنْ آيَةٍ فَمَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَسْأَلَهُ هَيْبَةً لَهُ حَتَّى خَرَجَ حَاجًّا فَخَرَجْتُ مَعَهُ فَلَمَّا رَجَعَ فَكُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ عَدَلَ إِلَى الْأَرَاكِ لِحَاجَةٍ لَهُ فَوَقَفْتُ لَهُ حَتَّى فَرَغَ ثُمَّ سِرْتُ مَعَهُ فَقُلْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَنْ اللَّتَانِ تَظَاهَرَتَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَزْوَاجِهِ فَقَالَ تِلْكَ حَفْصَةُ وَعَائِشَةُ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ وَاللَّهِ إِنْ كُنْتُ لَأُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْ هَذَا مُنْذُ سَنَةٍ فَمَا أَسْتَطِيعُ هَيْبَةً لَكَ قَالَ فَلَا تَفْعَلْ مَا ظَنَنْتَ أَنَّ عِنْدِي مِنْ عِلْمٍ فَسَلْنِي عَنْهُ فَإِنْ كُنْتُ أَعْلَمُهُ أَخْبَرْتُكَ قَالَ وَقَالَ عُمَرُ وَاللَّهِ إِنْ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مَا نَعُدُّ لِلنِّسَاءِ أَمْرًا حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى فِيهِنَّ مَا أَنْزَلَ وَقَسَمَ لَهُنَّ

2691: حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ میں ایک سال حضرت عمرؓ بن خطاب سے ایک آیت کے بارہ میں پوچھنے کے لئے ارادہ کرتا رہا مگر ان کے رعب کی وجہ سے نہ پوچھ سکا یہانتک کہ جب وہ حج کے لئے نکلے تو میں بھی ان کے ساتھ نکلا جب وہ واپس روانہ ہوئے تو ہم ابھی راستہ میں تھے تو آپؓ اپنی ضرورت کی غرض سے پیلوں کے درختوں کی طرف گئے اور میں آپؓ کے انتظار میں ٹھہرا رہا وہ فارغ ہوئے پھر میں ان کے ساتھ چلا میں نے کہا اے امیر المؤمنین آپؐ کی ازواج مطہرات میں سے وہ دوکون تھیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو (ایک بات کہنے) پر اتفاق کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ وہ حفصہؓ اور عائشہؓ تھیں۔وہ کہتے ہیں میں نے ان سے کہا اللہ کی قسم میں تو ایک سال سے آپ سے یہ پوچھنے کا ارادہ رکھتا تھا مگر آپ کے رعب کی وجہ سے ایسا نہ کرسکا انہوں نے کہا ایسا نہ کیا کرو۔اگر تمہارا خیال ہے کہ مجھے کسی بات کا علم ہے تو وہ مجھ سے پوچھ لیا کرو۔اگر وہ مجھے معلوم ہوئی تو میں تمہیں بتا دوں گا۔

2691 : تخریج :بخاری كتاب العلم باب التناوب فى العلم 89 كتاب المظالم باب الغرفة والعلية المشرفة وغير المشرفة فى السطوح وغيرها 2468 كتاب التفسير باب تبتغي مرضات ازواجك ...قد فرض الله لكم تحلة ايمانكم 4913 واذ اسر النبى الى بعض ازواجه حديثا...4914 ان تتوبا الى الله فقد صغت قلوبكما 4915 كتاب النكاح باب موعظة الرجل ابنته لحال زوجها 5191 باب هجرة النبى ﷺ نساءه فى غير بيوتهن 5203 حب الرجل بعض نسائه افضل من بعض 5218 كتاب اللباس باب ماكان النبى ﷺ يتجوز من اللباس والبسط 5843 كتاب اخبار الاحاد باب قول الله تعالىٰ لاتدخلوا بيوت النبى ... 7263 **ترمذى** كتاب تفسير القرآن عن رسول الله باب ومن سورة التحريم 3318 **نسائى** كتاب الصيام لم الشهر وذكر الاختلاف على الزهرى فى الخبر عن عائشة 2132

مَا قَسَمَ قَالَ فَبَيْنَمَا أَنَا فِي أَمْرٍ أَأْتَمِرُهُ إِذْ قَالَتْ لِي امْرَأَتِي لَوْ صَنَعْتَ كَذَا وَكَذَا فَقُلْتُ لَهَا وَمَا لَكِ أَنْتِ وَلِمَا هَاهُنَا وَمَا تَكَلُّفُكِ فِي أَمْرٍ أُرِيدُهُ فَقَالَتْ لِي عَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ مَا تُرِيدُ أَنْ تُرَاجَعَ أَنْتَ وَإِنَّ ابْنَتَكَ لَتُرَاجِعُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يَظَلَّ يَوْمَهُ غَضْبَانَ قَالَ عُمَرُ فَآخُذُ رِدَائِي ثُمَّ أَخْرُجُ مَكَانِي حَتَّى أَدْخُلَ عَلَى حَفْصَةَ فَقُلْتُ لَهَا يَا بُنَيَّةُ إِنَّكِ لَتُرَاجِعِينَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يَظَلَّ يَوْمَهُ غَضْبَانَ فَقَالَتْ حَفْصَةُ وَاللَّهِ إِنَّا لَنُرَاجِعُهُ فَقُلْتُ تَعْلَمِينَ أَنِّي أُحَذِّرُكِ عُقُوبَةَ اللَّهِ وَغَضَبَ رَسُولِهِ يَا بُنَيَّةُ لَا يَغُرَّنَّكِ هَذِهِ الَّتِي قَدْ أَعْجَبَهَا حُسْنُهَا وَحُبُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِيَّاهَا ثُمَّ خَرَجْتُ حَتَّى أَدْخُلَ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ لِقَرَابَتِي مِنْهَا فَكَلَّمْتُهَا فَقَالَتْ لِي أُمُّ سَلَمَةَ عَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ قَدْ دَخَلْتَ فِي كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى تَبْتَغِيَ أَنْ تَدْخُلَ بَيْنَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَزْوَاجِهِ قَالَ فَأَخَذَتْنِي أَخْذًا كَسَرَتْنِي عَنْ بَعْضِ مَا

وہ کہتے ہیں حضرت عمرؓ نے کہا اللہ کی قسم جاہلیت میں ہم عورتوں کو کسی شمار میں نہ لاتے تھے یہانتک کہ اللہ نے ان کے بارہ میں نازل کیا جو نازل کیا۔اور ان کے لئے حصہ مقرر کیا جو مقرر کیا۔وہ کہتے ہیں میں اس دوران میں کسی کام کے بارہ میں غور کر رہا تھا کہ میری بیوی نے مجھے کہا آپ اس اس طرح کیوں نہیں کر لیتے۔اس پر میں نے اسے کہا تمہارا اس سے کیا تعلق اور تمہارا اس میں کیا عمل دخل جس کا میں ارادہ کر رہا ہوں؟ اس نے مجھے کہا اے ابن خطاب! تجھ پر تعجب ہے تو چاہتا ہے کہ تجھ سے کوئی سوال و جواب نہ کرے اور تیری بیٹی رسول اللہ ﷺ سے سوال و جواب کرتی ہے یہانتک کہ وہ دن بھر ناراض رہتے ہیں ☆ حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنی چادر لی اور مکان سے نکلا اور حفصہؓ کے پاس گیا اور اسے کہا اے میری پیاری بیٹی! تو رسول اللہ ﷺ سے سوال و جواب کرتی ہے؟ یہانتک کہ وہ دن بھر ناراض رہتے ہیں۔حفصہؓ نے کہا اللہ کی قسم! ہم آپ سے سوال و جواب کرتی ہیں میں نے کہا تو میں تمہیں اللہ کی سزا اور اس کے رسولؐ کی ناراضگی سے ڈراتا ہوں اے میری پیاری بیٹی! تجھے وہ غلط فہمی میں مبتلاء نہ کرے جس کو اپنے حسن پر اور رسول اللہ ﷺ کی محبت پر

☆ بخاری اور مسلم کی بعض روایات میں اس کی بجائے یہ مضمون ہے کہ ازواج مطہرات بعض دفعہ دن بھر بظاہر نظر روٹھنے کا اظہار کرتی تھیں۔

كُنْتُ أَجِدُ فَخَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهَا وَكَانَ لِي صَاحِبٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِذَا غِبْتُ أَتَانِي بِالْخَبَرِ وَإِذَا غَابَ كُنْتُ أَنَا آتِيهِ بِالْخَبَرِ وَنَحْنُ حِينَئِذٍ نَتَخَوَّفُ مَلِكًا مِنْ مُلُوكِ غَسَّانَ ذُكِرَ لَنَا أَنَّهُ يُرِيدُ أَنْ يَسِيرَ إِلَيْنَا فَقَدْ امْتَلَأَتْ صُدُورُنَا مِنْهُ فَأَتَى صَاحِبِي الْأَنْصَارِيُّ يَدُقُّ الْبَابَ وَقَالَ افْتَحْ افْتَحْ فَقُلْتُ جَاءَ الْغَسَّانِيُّ فَقَالَ أَشَدُّ مِنْ ذَلِكَ اعْتَزَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَزْوَاجَهُ فَقُلْتُ رَغِمَ أَنْفُ حَفْصَةَ وَعَائِشَةَ ثُمَّ آخُذُ ثَوْبِي فَأَخْرُجُ حَتَّى جِئْتُ فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَشْرُبَةٍ لَهُ يُرْتَقَى إِلَيْهَا بِعَجَلَةٍ وَغُلَامٌ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْوَدُ عَلَى رَأْسِ الدَّرَجَةِ فَقُلْتُ هَذَا عُمَرُ فَأُذِنَ لِي قَالَ عُمَرُ فَقَصَصْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا الْحَدِيثَ فَلَمَّا بَلَغْتُ حَدِيثَ أُمِّ سَلَمَةَ تَبَسَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّهُ لَعَلَى حَصِيرٍ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ شَيْءٌ وَتَحْتَ رَأْسِهِ وِسَادَةٌ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ وَإِنَّ عِنْدَ رِجْلَيْهِ قَرَظًا مَضْبُورًا وَعِنْدَ رَأْسِهِ أُهُبًا مُعَلَّقَةً فَرَأَيْتُ أَثَرَ الْحَصِيرِ فِي جَنْبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

ناز ہے۔ پھر میں نکلا اور ام سلمہؓ کے ہاں ان سے اپنی رشتہ داری کی وجہ سے گیا اور ان سے گفتگو کی۔ مجھے حضرت ام سلمہؓ نے کہا اے خطاب کے بیٹے! مجھے تجھ پر تعجب ہے تم ہر چیز میں دخل دیتے ہوحتّٰی کہ تم چاہتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ اور ان کی ازواج مطہرات کے درمیان بھی دخل اندازی کرو۔ وہ کہتے ہیں انہوں نے مجھے ایسی گرفت کی کہ جو کچھ میں محسوس کر رہا تھا اس شدت کو نرم کر دیا اور میں ان کے ہاں سے چلا آیا اور انصار میں سے میرا ایک ساتھی تھا کہ جب میں (حضور ﷺ کی مجلس سے) غیر حاضر تو وہ مجھے خبر دیتا اور جب وہ غیر حاضر ہوتا تو میں اسے آگاہ کرتا۔ ان دنوں ہمیں غسّان کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کی طرف سے ڈر تھا اور ہمارے درمیان ذکر ہوا تھا کہ وہ ہماری طرف آنے کا ارادہ رکھتا ہے اور ہمارے سینے اس کی وجہ سے بھرے ہوئے تھے اس دوران میں میرا انصاری ساتھی آیا اور اور دروازہ زور زور سے کھٹکھٹانے لگا۔ اس نے کہا کھولو کھولو، میں نے کہا غسّانی آ گیا ہے۔ اس نے کہا اس سے بھی سخت معاملہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواج سے علیحدگی اختیار کر لی ہے۔ میں نے کہا حفصہ اور عائشہ کی ناک کو مٹی لگے۔ پھر میں نے اپنا کپڑا لیا اور نکلا یہاں تک کہ آیا اور دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ اپنے چوبارہ میں ہیں جس پر ایک سیڑھی کے ذریعہ سے چڑھا جاتا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَكَيْتُ فَقَالَ مَا يُبْكِيكَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ كِسْرَى وَقَيْصَرَ فِيمَا هُمَا فِيهِ وَأَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ لَهُمَا الدُّنْيَا وَلَكَ الْآخِرَةُ {32}و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَقْبَلْتُ مَعَ عُمَرَ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ كَنَحْوِ حَدِيثِ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ قُلْتُ شَأْنُ الْمَرْأَتَيْنِ قَالَ حَفْصَةُ وَأُمُّ سَلَمَةَ وَزَادَ فِيهِ وَأَتَيْتُ الْحُجَرَ فَإِذَا فِي كُلِّ بَيْتٍ بُكَاءٌ وَزَادَ أَيْضًا وَكَانَ آلَى مِنْهُنَّ شَهْرًا فَلَمَّا كَانَ تِسْعًا وَعِشْرِينَ نَزَلَ إِلَيْهِنَّ [3693,3692]

تھا اور رسول اللہ ﷺ کا سیاہ رنگ کا خادم سیڑھی کے اوپر تھا۔ میں نے کہا یہ عمرؓ ہے۔ مجھے اجازت دی گئی۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں پھر میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ بات بیان کی۔ جب میں ام سلمہؓ کی بات پر پہنچا تو رسول اللہ ﷺ نے تبسّم فرمایا اور آپؐ ایک چٹائی پر تھے۔ اس کے اور آپؐ کے درمیان کوئی چیز نہ تھی اور آپؐ کے سر کے نیچے چمڑے کا ایک تکیہ تھا جس کے اندر کھجور کی چھال تھی اور آپؐ کے پاؤں کے پاس قرظ☆ کے پتوں کے ڈھیر تھے۔ اور آپ کے سر کی طرف کچھ چمڑے لٹکے ہوئے تھے۔ میں نے چٹائی کے نشانات رسول اللہ ﷺ کے پہلو پر دیکھے تو میں رو دیا۔ آپؐ نے فرمایا تجھے کس چیز نے رُلایا میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ کسریٰ اور قیصر کس (آرام) میں وہ دونوں ہیں اور آپؐ اللہ کے رسولؐ ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم پسند نہیں کرتے کہ ان دونوں کے لئے تو دنیا ہو اور تمہارے لئے آخرت ہو۔ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ میں حضرت عمرؓ کے ساتھ آیا یہانتک کہ جب ہم مر الظھران میں تھے اور باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے سوائے اس کے کہ اس میں یہ بھی ہے میں نے دو عورتوں کے بارہ میں پوچھا (حضرت عمرؓ نے فرمایا) حفصہؓ اور ام سلمہؓ اور اس روایت میں

☆ قرظ عرب کے ایک معروف درخت کا نام ہے جس سے چمڑے کو رنگا جاتا ہے۔

مزید ہے کہ (حضرت عمرؓ نے) فرمایا میں حجروں کے پاس آیا اور دیکھا کہ ہر گھر میں رونے کی آواز آرہی ہے۔ اس روایت میں یہ بھی اضافہ ہے کہ آپؐ نے اُن (ازواج مطہرات) سے ایک مہینہ کے لئے ایلاء کیا تھا جب اُنتیس دن ہوئے تو آپؐ ان کے پاس تشریف لائے۔

2692{33} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ سَمِعَ عُبَيْدَ بْنَ حُنَيْنٍ وَهُوَ مَوْلَى الْعَبَّاسِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ كُنْتُ أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَرْأَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَظَاهَرَتَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَبِثْتُ سَنَةً مَا أَجِدُ لَهُ مَوْضِعًا حَتَّى صَحِبْتُهُ إِلَى مَكَّةَ فَلَمَّا كَانَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ ذَهَبَ يَقْضِي حَاجَتَهُ فَقَالَ أَدْرِكْنِي بِإِدَاوَةٍ مِنْ مَاءٍ فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَلَمَّا قَضَى حَاجَتَهُ وَرَجَعَ ذَهَبْتُ أَصُبُّ عَلَيْهِ وَذَكَرْتُ فَقُلْتُ لَهُ يَا

2692: حضرت ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت عمرؓ سے ان دو عورتوں کے بارہ میں پوچھنا چاہتا تھا جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایک دوسرے سے اتفاق کیا تھا۔ میں ایک سال اس کے لئے انتظار میں رہا مگر مجھے موقعہ نہ ملا یہانتک کہ میں مکہ جاتے ہوئے آپؓ کا ہم سفر ہوا۔ پس جب آپؓ مرا لظہران میں تھے تو آپؓ قضاء حاجت کے لئے گئے۔ آپؓ نے کہا کہ میرے لئے پانی کی چھاگل لاؤ۔ میں وہ آپؓ کیلئے لایا جب آپؓ قضاء حاجت سے فارغ ہوگئے اور واپس آئے اور میں نے آپ کے لئے پانی اُنڈیلا تو مجھے یاد آگیا اور آپؓ سے کہا اے امیر المؤمنین وہ دو عورتیں کون

2692 : اطراف : مسلم كتاب الطلاق باب فى الايلاء واعتزال النساء وتخييرهن وقوله تعالىٰ وان تظاهرا عليه 2690، 2691 2693

تخريج : بخارى كتاب العلم باب التناوب فى العلم 89 كتاب المظالم باب الغرفة والعلية المشرفة وغير المشرفة فى السطوح وغيرها 2468 كتاب التفسير باب تبتغي مرضات ازواجك ...قد فرض الله لكم تحلة ايمانكم 4913 واذ اسر النبى الى بعض ازواجه حديثا...4914 ان تتوبا الى الله فقد صغت قلوبكما 4915 كتاب النكاح باب موعظة الرجل ابنته لحال زوجها 5191 باب هجرة النبى ﷺ نساءه فى غير بيوتهن 5203 حب الرجل بعض نسائه افضل من بعض 5218 كتاب اللباس باب ما كان النبى ﷺ يتجوز من اللباس والبسط 5843 كتاب اخبار الاحاد باب قول الله تعالىٰ لاتدخلوا بيوت النبى ...7263 **ترمذى** كتاب تفسير القرآن عن رسول الله باب ومن سورة التحريم 3318 **نسائى** كتاب الصيام كم الشهر وذكر الاختلاف على الزهرى فى الخبر عن عائشة 2132

أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَنَ الْمَرْأَتَانِ فَمَا قَضَيْتُ كَلَامِي حَتَّى قَالَ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ [3694]

تھیں؟ ابھی میں نے اپنی بات پوری نہیں کی تھی کہ آپؓ نے فرمایا عائشہ اور حفصہؓ۔

2693{34} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ وَتَقَارَبَا فِي لَفْظِ الْحَدِيثِ قَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا و قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي ثَوْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمْ أَزَلْ حَرِيصًا أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَرْأَتَيْنِ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّتَيْنِ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى إِنْ تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا حَتَّى حَجَّ عُمَرُ وَحَجَجْتُ مَعَهُ فَلَمَّا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ عَدَلَ عُمَرُ وَعَدَلْتُ مَعَهُ بِالْإِدَاوَةِ فَتَبَرَّزَ ثُمَّ أَتَانِي فَسَكَبْتُ عَلَى يَدَيْهِ فَتَوَضَّأَ فَقُلْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَنَ الْمَرْأَتَانِ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّتَانِ قَالَ اللَّهُ عَزَّ

2693: حضرت ابن عباس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں ہمیشہ چاہتا رہا کہ حضرت عمرؓ سے نبی ﷺ کی اُن دو ازواج کے بارہ میں پوچھوں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اگر تم اپنی غلطی پر اللہ سے توبہ کرو تو تم دونوں کے دل تو پہلے ہی اس بات کی طرف جھکے ہوئے ہیں (اور توبہ کے لئے تیار ہیں☆) حتّٰی کہ حضرت عمرؓ نے حج کیا اور میں نے بھی آپؓ کے ساتھ حج کیا۔ جب ہم رستہ میں کسی جگہ تھے حضرت عمرؓ ایک طرف گئے میں بھی ان کے ساتھ پانی کی چھاگل کے ساتھ گیا۔ آپ قضاءِ حاجت سے فارغ ہوئے پھر میرے پاس آئے میں نے آپؓ کے ہاتھوں پر پانی ڈالا۔ آپؓ نے وضوء کیا میں نے کہا اے امیر المؤمنین! نبی ﷺ کی ازواج مطہرات میں سے وہ دو عورتیں کونسی تھیں جن کے متعلق اللہ عزّ وجلّ نے فرمایا اگر تم اپنی غلطی پر اللہ سے توبہ کرو

☆(التحریم : 5)

2693: **اطراف** :**مسلم** کتاب الطلاق باب فی الایلاء واعتزال النساء وتخییرهن وقوله تعالیٰ وان تظاهرا علیه2690، 2691 ، 2692
تخریج :**بخاری** کتاب العلم باب التناؤب فی العلم 89 کتاب المظالم باب الغرفة والعلیة المشرفة وغیر المشرفة فی السطوح وغیرها 2468 کتاب التفسیر باب تبتغی مرضات ازواجک ...قد فرض الله لکم تحلة ایمانکم 4913 واذ اسر النبی الی بعض ازواجه حدیثا...4914 ان تتوبا الی الله فقد صغت قلوبکما 4915 کتاب النکاح باب موعظة الرجل ابنته لحال زوجها 5191 باب هجرة النبی ﷺ نساء ه فی غیر بیوتهن 5203 حب الرجل بعض نسائه افضل من بعض 5218 کتاب اللباس باب ما کان النبی ﷺ یتجوز من اللباس والبسط 5843 کتاب اخبار الاحاد باب قول الله تعالیٰ لاتدخلوا بیوت النبی ...7263 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن عن رسول الله باب ومن سورة التحریم 3318 **نسائی** کتاب الصیام کم الشهر وذکر الاختلاف علی الزهری فی الخبر عن عائشة2132

وَجَلَّ لَهُمَا إِنْ تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا قَالَ عُمَرُ وَاعَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ الزُّهْرِيُّ كَرِهَ وَاللَّهِ مَا سَأَلَهُ عَنْهُ وَلَمْ يَكْتُمْهُ قَالَ هِيَ حَفْصَةُ وَعَائِشَةُ ثُمَّ أَخَذَ يَسُوقُ الْحَدِيثَ قَالَ كُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ قَوْمًا نَغْلِبُ النِّسَاءَ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَجَدْنَا قَوْمًا تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ فَطَفِقَ نِسَاؤُنَا يَتَعَلَّمْنَ مِنْ نِسَائِهِمْ قَالَ وَكَانَ مَنْزِلِي فِي بَنِي أُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ بِالْعَوَالِي فَتَغَضَّبْتُ يَوْمًا عَلَى امْرَأَتِي فَإِذَا هِيَ تُرَاجِعُنِي فَأَنْكَرْتُ أَنْ تُرَاجِعَنِي فَقَالَتْ مَا تُنْكِرُ أَنْ أُرَاجِعَكَ فَوَاللَّهِ إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُرَاجِعْنَهُ وَتَهْجُرُهُ إِحْدَاهُنَّ الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ فَانْطَلَقْتُ فَدَخَلْتُ عَلَى حَفْصَةَ فَقُلْتُ أَتُرَاجِعِينَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ نَعَمْ فَقُلْتُ أَتَهْجُرُهُ إِحْدَاكُنَّ الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ قَالَتْ نَعَمْ قُلْتُ قَدْ خَابَ مَنْ فَعَلَ ذَلِكَ مِنْكُنَّ وَخَسِرَ أَفَتَأْمَنُ إِحْدَاكُنَّ أَنْ يَغْضَبَ اللَّهُ عَلَيْهَا لِغَضَبِ رَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هِيَ قَدْ هَلَكَتْ لَا تُرَاجِعِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تو تم دونوں کے دل تو پہلے ہی اس بات کی طرف جھکے ہوئے ہیں (اور توبہ کے لئے تیار ہیں)۔ حضرت عمرؓ نے کہا واہ ابن عباس! تم پر تعجب ہے۔ زہری کہتے ہیں بخدا انہوں نے ناپسند کیا کہ انہوں (حضرت ابن عباسؓ) نے (ان سے پہلے) نہ پوچھ لیا اور (حضرت عمرؓ نے) اس کو چھپایا نہیں۔ آپؓ نے کہا وہ حفصہؓ اور عائشہؓ تھیں پھر آپؓ تفصیل سے روایت بیان کرنے لگے۔ انہوں نے کہا ہم گروہ قریش ایسی قوم تھے جو عورتوں پر غالب رہتے تھے۔ جب ہم مدینہ آئے تو ہم نے ایسی قوم پائی جن پر ان کی عورتیں غالب تھیں تو ہماری عورتیں ان کی عورتوں سے سیکھنے لگیں اور کہنے لگے میرا مکان بنی امیہ بن زید کے قبیلہ میں بالائی بستی میں تھا۔ ایک دن میں اپنی بیوی پر ناراض ہوا وہ مجھے جواب دینے لگی مجھے برا لگا کہ وہ مجھے جواب دے۔ اس نے کہا میرا تمہیں جواب دینا برا لگتا ہے۔ اللہ کی قسم نبی ﷺ کی ازواج آپؐ کو جواب دیتی ہیں۔ اوران میں سے کوئی دن بھر آپؐ سے روٹھی رہتی ہے۔ اس پر میں چلا اور حفصہؓ کے پاس گیا اور میں نے کہا کیا تم رسول اللہ ﷺ کو جواب دیتی ہو۔ اس نے کہا ہاں۔ میں نے کہا کیا تم میں سے کوئی آپؐ سے دن بھر روٹھی رہتی ہے۔ اس نے کہا ہاں۔ میں نے کہا تم میں سے جس نے ایسا کیا وہ ناکام ونامراد ہوئی۔ کیا تم میں سے کوئی اس بات سے امن میں ہے کہ اللہ تعالیٰ

وَلَا تَسْأَلِيهِ شَيْئًا وَسَلِينِي مَا بَدَا لَكِ وَلَا
يَغُرَّنَّكِ أَنْ كَانَتْ جَارَتُكِ هِيَ أَوْسَمَ
وَأَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ مِنْكِ يُرِيدُ عَائِشَةَ قَالَ وَكَانَ لِي
جَارٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَكُنَّا نَتَنَاوَبُ النُّزُولَ إِلَى
رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَنْزِلُ
يَوْمًا وَأَنْزِلُ يَوْمًا فَيَأْتِينِي بِخَبَرِ الْوَحْيِ
وَغَيْرِهِ وَآتِيهِ بِمِثْلِ ذَلِكَ وَكُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّ
غَسَّانَ تُنْعِلُ الْخَيْلَ لِتَغْزُوَنَا فَنَزَلَ صَاحِبِي
ثُمَّ أَتَانِي عِشَاءً فَضَرَبَ بَابِي ثُمَّ نَادَانِي
فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ حَدَثَ أَمْرٌ عَظِيمٌ قُلْتُ
مَاذَا أَجَاءَتْ غَسَّانُ قَالَ لَا بَلْ أَعْظَمُ مِنْ
ذَلِكَ وَأَطْوَلُ طَلَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ فَقُلْتُ قَدْ خَابَتْ حَفْصَةُ
وَخَسِرَتْ قَدْ كُنْتُ أَظُنُّ هَذَا كَائِنًا حَتَّى
إِذَا صَلَّيْتُ الصُّبْحَ شَدَدْتُ عَلَيَّ ثِيَابِي ثُمَّ
نَزَلْتُ فَدَخَلْتُ عَلَى حَفْصَةَ وَهِيَ تَبْكِي
فَقُلْتُ أَطَلَّقَكُنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لَا أَدْرِي هَا هُوَ ذَا مُعْتَزِلٌ فِي
هَذِهِ الْمَشْرُبَةِ فَأَتَيْتُ غُلَامًا لَهُ أَسْوَدَ فَقُلْتُ
اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ فَدَخَلَ ثُمَّ خَرَجَ إِلَيَّ فَقَالَ قَدْ
ذَكَرْتُكَ لَهُ فَصَمَتَ فَانْطَلَقْتُ حَتَّى
انْتَهَيْتُ إِلَى الْمِنْبَرِ فَجَلَسْتُ فَإِذَا عِنْدَهُ

اس پر اپنے رسولؐ کی ناراضگی کی وجہ سے غضب کرے
اور وہ ہلاک ہو جائے۔ تم رسول اللہ ﷺ کو جواب نہ
دیا کرو اور آپؐ سے کچھ طلب نہ کیا کرو جو تمہاری
ضرورت ہو وہ مجھ سے مانگ لیا کرو اور تمہاری ہمسائی
تمہیں دھوکہ میں نہ ڈالے کہ وہ تم سے زیادہ
خوبصورت اور رسول اللہ ﷺ کو تم سے زیادہ محبوب
ہے۔ آپؓ کی مراد حضرت عائشہؓ سے تھی انہوں
(حضرت عمرؓ) نے کہا میرا ایک انصاری ہمسایہ تھا اور
ہم باری باری رسول اللہ ﷺ کے پاس آتے تھے۔
ایک دن وہ آتا اور ایک دن میں آتا وہ مجھے وحی وغیرہ
کی خبر دیتا اور میں اس کے پاس اسی طرح خبریں لاتا
تھا ہم باہم گفتگو کیا کرتے تھے کہ غسان کا بادشاہ ہم
سے جنگ کرنے کے لئے گھوڑوں کو نعل لگا رہا ہے۔
میرا ساتھی گیا اور میرے پاس عشاء کے وقت آیا اور
میرا دروازہ کھٹکھٹایا اور مجھے آواز دی میں باہر اس کے
پاس آیا۔ اس نے کہا ایک بہت بڑا حادثہ ہوا ہے۔
میں نے کہا کیا ہوا! غسان آ گیا ہے؟ اس نے کہا نہیں
بلکہ اس سے بھی بڑا اور بہت بڑا۔ نبی ﷺ نے اپنی
ازواج کو طلاق دے دی ہے میں نے کہا حفصہؓ ناکام
ونامراد ہوگئی۔ میں گمان کرتا تھا کہ ایسا ہو کر رہے گا۔
جب میں نے صبح کی نماز پڑھی اپنے کپڑے پہنے پھر
اترا اور حفصہؓ کے پاس گیا وہ رو رہی تھی میں نے پوچھا
کیا رسول اللہ ﷺ نے تم سب کو طلاق دے دی

رَهْطٌ جُلُوسٌ يَبْكِي بَعْضُهُمْ فَجَلَسْتُ قَلِيلًا
ثُمَّ غَلَبَنِي مَا أَجِدُ ثُمَّ أَتَيْتُ الْغُلَامَ فَقُلْتُ
اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ فَدَخَلَ ثُمَّ خَرَجَ إِلَيَّ فَقَالَ قَدْ
ذَكَرْتُكَ لَهُ فَصَمَتَ فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا فَإِذَا
الْغُلَامُ يَدْعُونِي فَقَالَ ادْخُلْ فَقَدْ أَذِنَ لَكَ
فَدَخَلْتُ فَسَلَّمْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى رَمْلِ
حَصِيرٍ قَدْ أَثَّرَ فِي جَنْبِهِ فَقُلْتُ أَطَلَّقْتَ يَا
رَسُولَ اللَّهِ نِسَاءَكَ فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَيَّ وَقَالَ لَا
فَقُلْتُ اللَّهُ أَكْبَرُ لَوْ رَأَيْتَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ
وَكُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ قَوْمًا نَغْلِبُ النِّسَاءَ فَلَمَّا
قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَجَدْنَا قَوْمًا تَغْلِبُهُمْ
نِسَاؤُهُمْ فَطَفِقَ نِسَاؤُنَا يَتَعَلَّمْنَ مِنْ نِسَائِهِمْ
فَتَغَضَّبْتُ عَلَى امْرَأَتِي يَوْمًا فَإِذَا هِيَ
تُرَاجِعُنِي فَأَنْكَرْتُ أَنْ تُرَاجِعَنِي فَقَالَتْ مَا
تُنْكِرُ أَنْ أُرَاجِعَكَ فَوَاللَّهِ إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ
صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُرَاجِعْنَهُ وَتَهْجُرُهُ
إِحْدَاهُنَّ الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ فَقُلْتُ قَدْ خَابَ
مَنْ فَعَلَ ذَلِكَ مِنْهُنَّ وَخَسِرَ أَفَتَأْمَنُ
إِحْدَاهُنَّ أَنْ يَغْضَبَ اللَّهُ عَلَيْهَا لِغَضَبِ
رَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هِيَ قَدْ
هَلَكَتْ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَدْ دَخَلْتُ

ہے؟ اس نے کہا میں نہیں جانتی آپؐ تو اس چوبارہ
میں علیحدہ بیٹھے ہیں۔ میں آپؐ کے سیاہ رنگ خادم
کے پاس آیا اور کہا عمر کے لئے اجازت طلب کرو۔ وہ
داخل ہوا پھر میری طرف آیا اور کہا میں نے حضورؐ سے
آپ کا ذکر کیا مگر آپ خاموش رہے۔ میں چلا اور منبر
تک گیا اور بیٹھ گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ اس کے پاس
کچھ لوگ بیٹھے ہیں اور ان میں سے بعض رو بھی رہے
ہیں۔ میں تھوڑی دیر بیٹھا رہا اور جو کچھ محسوس کر رہا تھا
اس نے مجھ پر غلبہ کیا میں اس غلام کے پاس آیا اور کہا
عمر کے لئے اجازت مانگو وہ اندر گیا پھر باہر میرے
پاس آیا اور کہا میں نے آپؐ سے اس کا ذکر کیا تو آپؐ
خاموش رہے میں واپس جانے کے لئے مڑا تو
اچانک لڑکا میرے پاس باہر آیا اور کہا جائیں آپ
کے لئے اجازت ہے۔ میں (کمرے میں) داخل ہوا
اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو سلام کیا۔ آپؐ چٹائی
پر تکیہ لگائے ہوئے تھے جس نے آپؐ کے پہلو پر
نشان ڈال دیئے تھے۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ!
کیا آپؐ نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی ہے؟
آپؐ نے میری طرف اپنا سر اُٹھایا اور فرمایا نہیں میں
نے کہا اللہ اکبر یا رسولؐ اللہ! آپؐ جانتے ہیں کہ
گروہِ قریش ایسی قوم تھے جو عورتوں پر غالب تھے
جب ہم مدینہ آئے تو ہم نے ایسی قوم پائی جن کی
عورتیں ان پر غالب ہیں ہماری عورتوں نے ان کی

عَلَى حَفْصَةَ فَقُلْتُ لَا يَغُرَّنَّكِ أَنْ كَانَتْ جَارَتُكِ هِيَ أَوْسَمُ مِنْكِ وَأَحَبُّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكِ فَتَبَسَّمَ أُخْرَى فَقُلْتُ أَسْتَأْنِسُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ نَعَمْ فَجَلَسْتُ فَرَفَعْتُ رَأْسِي فِي الْبَيْتِ فَوَاللَّهِ مَا رَأَيْتُ فِيهِ شَيْئًا يَرُدُّ الْبَصَرَ إِلَّا أُهَبًا ثَلَاثَةً فَقُلْتُ ادْعُ اللَّهَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنْ يُوَسِّعَ عَلَى أُمَّتِكَ فَقَدْ وَسَّعَ عَلَى فَارِسَ وَالرُّومِ وَهُمْ لَا يَعْبُدُونَ اللَّهَ فَاسْتَوَى جَالِسًا ثُمَّ قَالَ أَفِي شَكٍّ أَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ أُولَئِكَ قَوْمٌ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَقُلْتُ اسْتَغْفِرْ لِي يَا رَسُولَ اللَّهِ وَكَانَ أَقْسَمَ أَنْ لَا يَدْخُلَ عَلَيْهِنَّ شَهْرًا مِنْ شِدَّةِ مَوْجِدَتِهِ عَلَيْهِنَّ حَتَّى عَاتَبَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ [3695]

عورتوں سے سیکھنا شروع کیا ایک دن میں اپنی بیوی پر ناراض ہوا۔تو وہ مجھے جواب دینے لگی۔ مجھے اوپرالگا کہ وہ مجھے جواب دے۔اس نے کہا آپ کو کیوں برا لگتا ہے کہ میں آپ کو جواب دیتی ہوں۔ اللہ کی قسم نبی ﷺ کی بیویاں آپؐ کو جواب دیتی ہیں۔ان میں سے کوئی ایک دن بھر آپؐ سے روٹھی رہتی ہے۔میں نے کہا ان میں سے جس نے ایسا کیا وہ ناکام و نامراد رہی۔کیا ان میں سے کوئی ایک بھی اس بات سے امن میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر اپنے رسولؐ کی ناراضگی کی وجہ سے ناراض ہو۔ پھر تو وہ ہلاک ہوگئی۔رسول اللہ ﷺ مسکرائے میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے حفصہؓ سے کہا تم کسی دھوکے میں نہ رہنا تیری ہمسائی تجھ سے زیادہ خوبصورت اور تجھ سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کو محبوب ہے۔آپؐ پھر مسکرائے ۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! مجھے اجازت ہے؟ میں دل بہلانے کی بات کروں۔آپؐ نے فرمایا ہاں میں بیٹھ گیا اور اپنا سر کمرے کو دیکھنے کے لئے اُٹھایا۔ بخدا میں نے اس میں سوائے تین چمڑوں کے کوئی چیز نہیں دیکھی جس کو دیکھ کر نظر واپس آئے۔میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ دعا کریں کہ وہ آپؐ کی امت کو فراخی و کشادگی عطا فرمائے۔ اس نے فارس اور روم کو فراخی دے رکھی ہے حالانکہ وہ اللہ کی عبادت نہیں کرتے۔اس پر آپؐ اٹھ کر بیٹھ

گئے اور فرمایا اے ابن خطاب تم بھی شک میں ہو؟ یہ وہ لوگ ہیں جن کو ان کی اچھی چیزیں دنیا کی زندگی میں جلدی دے دی گئی ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میرے لئے مغفرت طلب کیجئے۔ آپؐ نے ان (اپنی ازواج مطہرات پر) شدت غم کی وجہ سے قسم کھائی تھی کہ ان کے پاس ایک ماہ تک نہیں جائیں گے یہانتک کہ اللہ عزّ وجل نے آپؐ کی محبت پر اعتماد کرتے ہوئے آپؐ سے ناز سے خطاب فرمایا☆۔

2694{35} قَالَ الزُّهْرِيُّ فَأَخْبَرَنِي عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا مَضَى تِسْعٌ وَعِشْرُونَ لَيْلَةً دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَأَ بِي فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّكَ أَقْسَمْتَ أَنْ لَا تَدْخُلَ عَلَيْنَا شَهْرًا وَإِنَّكَ دَخَلْتَ مِنْ تِسْعٍ وَعِشْرِينَ أَعُدُّهُنَّ فَقَالَ إِنَّ الشَّهْرَ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ ثُمَّ قَالَ يَا عَائِشَةُ إِنِّي ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَا تَعْجَلِي فِيهِ حَتَّى تَسْتَأْمِرِي أَبَوَيْكِ ثُمَّ قَرَأَ عَلَيَّ الْآيَةَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ حَتَّى بَلَغَ أَجْرًا عَظِيمًا

2694: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے آپؓ فرماتی ہیں جب اُنتیس راتیں گذر گئیں تو رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے۔ آپؐ نے مجھ سے ابتداء کی میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے تو قسم کھائی تھی کہ آپؐ ہمارے پاس ایک مہینہ تشریف نہیں لائیں گے اور آپؐ اُنتیسویں دن تشریف لے آئے ہیں میں دن گنتی آئی ہوں۔ آپؐ نے فرمایا مہینہ اُنتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔ پھر فرمایا اے عائشہ میں تمہارے پاس ایک بات کا ذکر کرنے لگا ہوں تمہیں اس بارہ میں جلدی کی ضرورت نہیں یہانتک کہ اپنے ماں باپ سے مشورہ کرلو پھر آپؐ نے میرے سامنے

☆ **عاتبه الله کا جو ترجمہ کیا ہے وہ لغت کے مطابق ہے۔ عاتبهٗ الِادْلَالُ اي الاجتراء عليه لثقته بمحبته (المنجد)**

2694 : **اطراف :مسلم** كتاب الطلاق باب في الايلاء واعتزال النساء وتخييرهن وقوله تعالىٰ وان تظاهرا عليه 2682

تخريج :بخاری كتاب التفسير باب قوله وان كنتن تردن الله ورسوله ... 4786 باب قوله يا ايها النبي قل لازواجك ان كنتن ... 4785 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب من سورة الاحزاب 3204 **نسائی** كتاب الطلاق باب التوقيت في الخيار 3439، 3440 كتاب النكاح باب ما افترض الله عزوجل على رسوله وحرمه على خلقه 3201 ، 3202 ، 3203 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب الرجل يخير امراته 2053

قَالَتْ عَائِشَةُ قَدْ عَلِمَ وَاللَّهِ أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُونَا لِيَأْمُرَانِي بِفِرَاقِهِ قَالَتْ فَقُلْتُ أَوَ فِي هَذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ فَإِنِّي أُرِيدُ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ قَالَ مَعْمَرٌ فَأَخْبَرَنِي أَيُّوبُ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ لَا تُخْبِرْ نِسَاءَكَ أَنِّي اخْتَرْتُكَ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ أَرْسَلَنِي مُبَلِّغًا وَلَمْ يُرْسِلْنِي مُتَعَنِّتًا قَالَ قَتَادَةُ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا مَالَتْ قُلُوبُكُمَا [3696]

یہ آیت پڑھی يَـٰأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ یہاںتک کہ آپؐ اَجْرًا عَظِيمًا تک پہنچ گئے۔ترجمہ: اے نبیؐ! اپنی بیویوں سے کہہ دے۔۔۔بہت بڑا اجر مہیّا کیا ہے☆۔حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں اللہ کی قسم آپؐ جانتے تھے کہ میرے ماں باپ مجھے آپؐ سے جدا ہونے کا مشورہ کبھی دینے والے نہیں۔آپؓ فرماتی ہیں میں نے کہا کیا میں اس معاملہ میں اپنے ماں باپ سے مشورہ کروں گی؟ میں تو اللہ اور اس کے رسولؐ اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہوں۔معمر کہتے ہیں مجھے ایوب نے بتایا حضرت عائشہؓ نے کہا آپؐ اپنی دوسری بیویوں کو نہ بتائیں کہ میں نے آپ کو اختیار کرلیا ہے نبی ﷺ نے اُن (حضرت عائشہؓ) سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے مبلغ بنا کر بھیجا ہے مشکل میں ڈالنے والا بنا کر نہیں بھیجا۔قتادہ کہتے ہیں صَغَتْ قُلُوبُكُمَا کے معنے مَالَتْ قُلُوبُكُمَا ہیں یعنی تم دونوں کے دل (پہلے ہی نیکی کی طرف) مائل ہیں۔

[6]6:بَاب:الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَا نَفَقَةَ لَهَا

باب: جس کو تین طلاقیں مل چکی ہوں اس کے لئے نفقہ نہیں ہے

2695{36}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ مَوْلَى الْأَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ

2695: فاطمہ بنت قیس سے روایت ہے کہ ابوعمرو بن حفص نے انہیں طلاقِ بتہ دی اور وہ موجود نہیں تھے اور ان (فاطمہ) کی طرف اس (ابوعمرو بن حفص)

☆ (الاحزاب : 29)

2695 : اطراف :مسلم کتاب الطلاق باب المطلقة ثلاثا 2696، 2697، 2698، 2699، 2700، 2701، 2702، 2703، 2704، 2705، 2706، 2707، 2708=

عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ أَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ وَهُوَ غَائِبٌ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا وَكِيلُهُ بِشَعِيرٍ فَسَخِطَتْهُ فَقَالَ وَاللَّهِ مَا لَكِ عَلَيْنَا مِنْ شَيْءٍ فَجَاءَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ لَيْسَ لَكِ عَلَيْهِ نَفَقَةٌ فَأَمَرَهَا أَنْ تَعْتَدَّ فِي بَيْتِ أُمِّ شَرِيكٍ ثُمَّ قَالَ تِلْكِ امْرَأَةٌ يَغْشَاهَا أَصْحَابِي اعْتَدِّي عِنْدَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ فَإِنَّهُ رَجُلٌ أَعْمَى تَضَعِينَ ثِيَابَكِ فَإِذَا حَلَلْتِ فَآذِنِينِي قَالَتْ فَلَمَّا حَلَلْتُ ذَكَرْتُ لَهُ أَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ وَأَبَا جَهْمٍ خَطَبَانِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا أَبُو جَهْمٍ فَلَا يَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهِ وَأَمَّا مُعَاوِيَةُ فَصُعْلُوكٌ لَا مَالَ لَهُ انْكِحِي أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَكَرِهْتُهُ ثُمَّ قَالَ انْكِحِي أُسَامَةَ فَنَكَحْتُهُ فَجَعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا وَاغْتَبَطْتُ [3697]

کے وکیل نے کچھ جو بھیجے ۔ وہ اس پر ناراض ہوئی اس وکیل نے کہا اللہ کی قسم ہم پر تمہاری کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور آپؐ سے یہ معاملہ عرض کیا تو آپؐ نے فرمایا اس کے ذمہ تمہارا کوئی نفقہ نہیں ہے۔ اور اسے حکم دیا کہ وہ اپنی عدّت ام شریک کے گھر گذارے۔ پھر فرمایا وہ ایک ایسی عورت ہے جہاں میرے صحابہؓ آتے جاتے رہتے ہیں۔ اس لئے تم ابن ام مکتومؓ کے پاس عدّت گزارو وہ نابینا آدمی ہیں تم اپنے (زائد) کپڑے اُتار سکتی ہو۔ پھر جب تمہاری عدّت پوری ہو جائے تو مجھے بتانا۔ وہ کہتی ہیں جب میری عدّت پوری ہوگئی تو میں نے آپؐ کو بتایا کہ معاویہ بن ابی سفیان اور ابوجہم نے مجھے نکاح کا پیغام دیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جہاں تک ابوجہم کا تعلق ہے۔ وہ تو اپنی لاٹھی کندھے سے نہیں اُتارتا اور معاویہ تنگدست آدمی ہے۔ اس کے پاس کوئی مال نہیں۔ تم اُسامہؓ بن زید سے نکاح کرلو۔ میں نے اس کو ناپسند کیا۔ آپؐ نے

= **تخریج : ترمذی** کتاب النکاح عن رسول اللہ ﷺ باب ما جاء الا یخطب الرجل علی خطبة اخیه 1134 ، 1135 کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی المطلقة ثلا ثا لا سکنی لها ولا نفقة 1180 **نسائی** کتاب النکاح تزوج المولی العربیة 3222 الخطبة فی النکاح 3237 خطبة الرجل اذا ترک الخاطب اواذن له 3244 باب اذ استشارت المرأة رجلاً فیمن یخطبها ... 3245 کتاب الطلاق باب الرخصة فی ذالک 3403 3405 3404 باب ارسال الرجل الی زوجته بالطلاق 3418 الرخصة فی خروج المبسوتة من بیتها فی عدتها لسکنها 3545 ،3546 ،3547 ، 3548 ، 3549 باب نفقة البائنة 3551 نفقة الحامل المبسوتة 3552 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب نفقة المبسوتة 2284 ، 2285 ،2286 ، 2288 ، 2289 ، 2290 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لایخطب الرجل علی خطبة اخیه 1869 کتاب الطلاق باب من طلق ثلاثا فی مجلس واحد 2024 باب المطلقة ثلا ثا هل لها سکنی ونفقة 2035 ، 2036

پھر فرمایا اُسامہؓ سے نکاح کرلو۔ میں نے اس سے نکاح کرلیا اوراللہ تعالیٰ نے اس میں ایسی خیر وبرکت رکھی اور میں اچھے حال میں ہوگئی۔☆

2696{37}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ أَبِي حَازِمٍ وَقَالَ قُتَيْبَةُ أَيْضًا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ كِلَيْهِمَا عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّهُ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا فِي عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ أَنْفَقَ عَلَيْهَا نَفَقَةَ دُونٍ فَلَمَّا رَأَتْ ذَلِكَ قَالَتْ وَاللَّهِ لَأُعْلِمَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنْ كَانَ لِي نَفَقَةٌ أَخَذْتُ الَّذِي يُصْلِحُنِي وَإِنْ لَمْ تَكُنْ لِي نَفَقَةٌ لَمْ آخُذْ مِنْهُ شَيْئًا قَالَتْ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا نَفَقَةَ لَكِ وَلَا سُكْنَى

2696: ابوسلمہ فاطمہؓ بنت قیس سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے خاوند نے نبیﷺ کے زمانہ میں انہیں طلاق دے دی اور انہیں معمولی نفقہ دیا جب انہوں نے یہ دیکھا تو کہا اللہ کی قسم میں رسول اللہﷺ کو بتاؤں گی۔ اگر نفقہ میرا حق ہوا تو میں اپنی ضرورت کے مطابق لوں گی اور اگر میرا حق نہ ہوا تو اس میں سے کچھ نہ لوں گی۔ وہ کہتی ہیں میں نے یہ بات رسول اللہﷺ سے بیان کی۔ آپؐ نے فرمایا تمہارے لئے نہ نفقہ ہے نہ رہائش۔

☆اس میں اشارہ ہے کہ بے سہارا عورتوں کا معاشرتی سطح پر انتظام ہونا چاہئے۔

2696 : اطراف :مسلم کتاب الطلاق باب المطلقة ثلاثا 2695، 2697، 2698، 2699، 2700، 2701، 2702، 2703، 2704، 2705، 2706، 2707، 2708

تخریج : ترمذی کتاب النکاح عن رسول اللہﷺ باب ما جاء الا یخطب الرجل علی خطبة اخیه 1134، 1135 کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی المطلقة ثلاثا لا سکنی لها ولا نفقة 1180 نسائی کتاب النکاح تزوج المولی العربیة 3222 الخطبة فی النکاح 3237 خطبة الرجل اذا ترک الخاطب اواذن له 3244 باب اذ استشارت المرأة رجلًا من یخطبها ... 3245 کتاب الطلاق باب الرخصة فی ذالک 3403 3405 3404 باب ارسال الرجل الی زوجته بالطلاق 3418 الرخصة فی خروج المبسوتة من بیتها فی عدتها لسکنها 3545، 3546، 3547، 3548، 3549 باب نفقة البائنة 3551 نفقة الحامل المبسوتة 3552 ابوداؤد کتاب الطلاق باب نفقةالمبسوتة 2284، 2285، 2286، 2288، 2289، 2290 ابن ماجه کتاب النکاح باب لایخطب الرجل علی خطبة اخیه 1869 کتاب الطلاق باب من طلق ثلاثا فی مجلس واحد 2024 باب المطلقة ثلاثا هل لها سکنی ونفقة 2035، 2036

2697: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ أَنَّهُ قَالَ سَأَلْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ فَأَخْبَرَتْنِي أَنَّ زَوْجَهَا الْمَخْزُومِيَّ طَلَّقَهَا فَأَبَى أَنْ يُنْفِقَ عَلَيْهَا فَجَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَتْهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَفَقَةَ لَكِ فَانْتَقِلِي فَاذْهَبِي إِلَى ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ فَكُونِي عِنْدَهُ فَإِنَّهُ رَجُلٌ أَعْمَى تَضَعِينَ ثِيَابَكِ عِنْدَهُ [3699,3698]

2697: ابوسلمہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے فاطمہؓ بنت قیس سے پوچھا انہوں نے مجھے بتایا کہ ان کے مخزومی خاوند نے انہیں طلاق دے دی اور اسے نفقہ دینے سے انکار کردیا۔ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں اور آپؐ کو بتایا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہارے لئے کوئی نفقہ نہیں ہے وہاں سے منتقل ہوجاؤ اور ابن ام مکتوم کے پاس چلی جاؤ اور اس کے پاس رہو وہ نا بینا آدمی ہے۔ تم اس کے ہاں (زائد) کپڑے اُتار سکتی ہو۔

2698 {38} وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ أَبِي كَثِيرٍ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ أُخْتَ الضَّحَّاكِ بْنِ

2698: ابوسلمہ بیان کرتے ہیں کہ ضحاک بن قیس کی بہن فاطمہ بنت قیس نے انہیں بتایا کہ ابوحفص بن مغیرہ مخزومی نے انہیں تین طلاقیں دیں پھر یمن چلے گئے اور ان کے گھر والوں نے ان سے

2697: **اطراف**: **مسلم** کتاب الطلاق باب المطلقة ثلاثا 2695، 2696، 2698، 2699، 2700، 2701، 2702، 2703، 2704، 2705، 2706، 2707، 2708

تخریج: **ترمذی** کتاب النکاح عن رسول الله ﷺ باب ما جاء الا یخطب الرجل علی خطبة اخیه 1134، 1135 کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی المطلقة ثلاثا لا سکنی لها ولا نفقة 1180 **نسائی** کتاب النکاح تزوج المولی العربية 3222 الخطبة فی النکاح 3237 خطبة الرجل اذا ترک الخاطب اواذن له 3244 باب اذ استشارت المرأة رجلًا من یخطبها ... 3245 کتاب الطلاق باب الرخصة فی ذالک 3403 3405 3404 باب ارسال الرجل الی زوجته بالطلاق 3418 الرخصة فی خروج المبسوتة من بیتها فی عدتها لسکنها 3545، 3546، 3547، 3548، 3549 باب نفقة البائنة 3551 نفقة الحامل المبسوتة 3552 **ابو داؤد** کتاب الطلاق باب نفقة المبسوتة 2284، 2285، 2286، 2288، 2289، 2290 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لایخطب الرجل علی خطبة اخیه 1869 کتاب الطلاق باب من طلق ثلاثا فی مجلس واحد 2024 باب المطلقة ثلاثا هل لها سکنی ونفقة 2035، 2036

2698: **اطراف**: **مسلم** کتاب الطلاق باب المطلقة ثلاثا 2695، 2696، 2697، 2699، 2700، 2701، 2702، 2703، 2704، 2705، 2706، 2707، 2708 =

قَيْسٍ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ أَبَا حَفْصِ بْنَ الْمُغِيرَةِ الْمَخْزُومِيَّ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ انْطَلَقَ إِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ لَهَا أَهْلُهُ لَيْسَ لَكِ عَلَيْنَا نَفَقَةٌ فَانْطَلَقَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فِي نَفَرٍ فَأَتَوْا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ مَيْمُونَةَ فَقَالُوا إِنَّ أَبَا حَفْصٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا فَهَلْ لَهَا مِنْ نَفَقَةٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَتْ لَهَا نَفَقَةٌ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَأَرْسَلَ إِلَيْهَا أَنْ لَا تَسْبِقِينِي بِنَفْسِكِ وَأَمَرَهَا أَنْ تَنْتَقِلَ إِلَى أُمِّ شَرِيكٍ ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَيْهَا أَنَّ أُمَّ شَرِيكٍ يَأْتِيهَا الْمُهَاجِرُونَ الْأَوَّلُونَ فَانْطَلِقِي إِلَى ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ الْأَعْمَى فَإِنَّكِ إِذَا وَضَعْتِ خِمَارَكِ لَمْ يَرَكِ فَانْطَلَقَتْ إِلَيْهِ فَلَمَّا مَضَتْ عِدَّتُهَا أَنْكَحَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ {39} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا

کہا ہمارے ذمّہ تمہارے لئے کوئی نفقہ نہیں ہے۔ خالدؓ بن ولید چند لوگوں کے ساتھ حضرت میمونہؓ کے گھر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا ابو حفص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی ہیں۔ تو کیا اس کے لئے کوئی نفقہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کے لئے کوئی نفقہ نہیں ہے ہاں اس پر عدّت ہے اور اسے پیغام بھیجا کہ اپنے بارہ مجھے بتائے بغیر جلدی نہ کرنا اور انہیں حکم دیا کہ وہ ام شریک کے گھر منتقل ہو جائیں پھر کہلا بھیجا کہ ام شریک کے گھر ابتدائی مہاجرین آتے رہتے ہیں اس لئے تم ابن ام مکتومؓ نابینا کے ہاں منتقل ہوجاؤ اسلئے کہ جب اپنی اوڑھنی اُتاروگی تو وہ تمہیں نہیں دیکھے گا وہ ان کے ہاں چلی گئیں۔ جب ان کی عدّت پوری ہوگئی تو رسول اللہ ﷺ نے ان کا نکاح اُسامہؓ بن زید بن حارثہ سے کردیا۔ ابوسلمہ حضرت فاطمہؓ بنت قیس سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا میں نے فاطمہ بنت قیس کے منہ سے یہ روایت سن کر لکھ لی تھی۔ انہوں

= **تخریج : ترمذی** کتاب النکاح عن رسول اللہ ﷺ باب ما جاء الا یخطب الرجل علی خطبة اخیه 1134 ، 1135 کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی المطلقة ثلا ثا لا سکنی لها ولا نفقة 1180 **نسائی** کتاب النکاح تزوج المولی العربیة 3222 الخطبة فی النکاح 3237 خطبة الرجل اذا ترک الخاطب اواذن له 3244 باب اذ استشارت المرأ ة رجلاً فیمن یخطبها ... 3245 کتاب الطلاق باب الرخصة فی ذالک 3403 3405 3404 باب ارسال الرجل الی زوجته بالطلاق 3418 الرخصة فی خروج المبسوتة من بیتها فی عدتها لسکنها 3545 ،3546 ،3547 ، 3548 ،3549 باب نفقة البائنة 3551 نفقة الحامل المبسوتة 3552 **ابو داؤد** کتاب الطلاق باب نفقةالمبسوتة 2284 ، 2285 ،2286 ، 2288 ، 2289 ،2290 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لایخطب الرجل علی خطبة اخیه 1869 کتاب الطلاق باب من طلق ثلاثا فی مجلس واحد 2024 باب المطلقة ثلا ثا هل لها سکنی ونفقة 2035 ، 2036

حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ ح و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَ كَتَبْتُ ذَلِكَ مِنْ فِيهَا كِتَابًا قَالَتْ كُنْتُ عِنْدَ رَجُلٍ مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ فَطَلَّقَنِي الْبَتَّةَ فَأَرْسَلْتُ إِلَى أَهْلِهِ أَبْتَغِي النَّفَقَةَ وَاقْتَصُّوا الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو لَا تَفُوتِينَا بِنَفْسِكِ [3701,3700]

نے کہا میں بنی مخزوم کے ایک شخص کے نکاح میں تھی اس نے مجھے طلاق بتّہ دے دی۔ میں نے ان کے گھر والوں کو نفقہ لینے کے لئے پیغام بھیجا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر روایت میں (لَا تَسْبِقِینِیْ بِنَفْسِکِ کی بجائے) لَا تَفُوْتِیْنَا بِنَفْسِکِ کے الفاظ ہیں۔

2699 {40} حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيعًا عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ

2699: فاطمہؓ بنت قیس بیان کرتی ہیں کہ وہ ابو عمرو بن حفص بن مغیرہ کے نکاح میں تھیں انہوں نے انہیں تین طلاقوں میں سے آخری طلاق بھی دے دی۔ ان کا بیان ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت

2699 :**اطراف: مسلم** كتاب الطلاق باب المطلقة ثلاثا 2695، 2696، 2697، 2698، 2700، 2701، 2702، 2703، 2704، 2705، 2706، 2707، 2708

تخريج : ترمذی كتاب النكاح عن رسول الله ﷺ باب ما جاء الا يخطب الرجل على خطبة اخيه 1134، 1135 كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فى المطلقة ثلا ثا لا سكنى لها ولا نفقة 1180 **نسائى** كتاب النكاح تزوج المولى العربية 3222 الخطبة فى النكاح 3237 خطبة الرجل اذا ترك الخاطب اواذن له 3244 باب اذ استشارت المرأة رجلاً فيمن يخطبها ... 3245 كتاب الطلاق باب الرخصة فى ذالك 3403 3405 3404 باب ارسال الرجل الى زوجته بالطلاق 3418 الرخصة فى خروج المبسوتة من بيتها فى عدتها لسكنها 3545، 3546، 3547، 3548، 3549 باب نفقة البائنة 3551 نفقة الحامل المبسوتة 3552 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب نفقة المبسوتة 2284، 2285، 2286، 2288، 2289، 2290 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب لايخطب الرجل على خطبة اخيه 1869 كتاب الطلاق باب من طلق ثلاثا فى مجلس واحد 2024 باب المطلقة ثلا ثا هل لها سكنى ونفقة 2035، 2036

الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ أَبِي عَمْرِو بْنِ حَفْصِ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَطَلَّقَهَا آخِرَ ثَلَاثِ تَطْلِيقَاتٍ فَزَعَمَتْ أَنَّهَا جَاءَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْتَفْتِيهِ فِي خُرُوجِهَا مِنْ بَيْتِهَا فَأَمَرَهَا أَنْ تَنْتَقِلَ إِلَى ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ الْأَعْمَى فَأَبَى مَرْوَانُ أَنْ يُصَدِّقَهُ فِي خُرُوجِ الْمُطَلَّقَةِ مِنْ بَيْتِهَا و قَالَ عُرْوَةُ إِنَّ عَائِشَةَ أَنْكَرَتْ ذَلِكَ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنٌ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ مَعَ قَوْلِ عُرْوَةَ إِنَّ عَائِشَةَ أَنْكَرَتْ ذَلِكَ عَلَى فَاطِمَةَ [3703,3702]

میں اپنے گھر سے نکلنے کے لئے فتویٰ پوچھنے آئیں۔ آپؐ نے انہیں فرمایا کہ ابن ام مکتوم نابینا کے ہاں منتقل ہو جائیں۔مروان نے اس بات سے انکار کیا کہ وہ (راوی کی) مطلقہ کے گھر سے نکلنے کی تصدیق کرے اور عروہ نے کہا حضرت عائشہؓ نے بھی فاطمہ بنت قیس کی اس بات کو عجیب قرار دیا تھا۔

2700{41} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِعَبْدٍ قَالَا أَخْبَرَنَا

2700: عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے روایت ہے کہ ابو عمرو بن حفص بن مُغیرہ حضرت علیؓ بن ابی

2700: **اطراف :مسلم** كتاب الطلاق باب المطلقة ثلاثا 2695، 2696، 2697، 2698، 2699، 2701، 2702، 2703، 2704، 2705، 2706، 2707، 2708

تخريج : ترمذی كتاب النكاح عن رسول الله ﷺ باب ما جاء الا يخطب الرجل على خطبة اخيه 1134، 1135 كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی المطلقة ثلا ثا لا سكنى لها ولا نفقة 1180 **نسائی** كتاب النكاح تزوج المولى العربية 3222 الخطبة فی النكاح 3237 خطبة الرجل اذا ترک الخاطب اواذن له 3244 باب اذ استشارت المرأ ة رجلاً فيمن يخطبها ... 3245 كتاب الطلاق باب الرخصة فی ذالک 3403 3405 3404 باب ارسال الرجل الى زوجته بالطلاق 3418 الرخصة فی خروج المبسوتة من بيتها فی عدتها لسكنها 3545، 3546، 3547، 3548، 3549 باب نفقة البائنة 3551 نفقة الحامل المبسوتة 3552 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب نفقة المبسوتة 2284، 2285، 2286، 2288، 2289، 2290 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب لايخطب الرجل على خطبة اخيه 1869 كتاب الطلاق باب من طلق ثلاثا فی مجلس واحد 2024 باب المطلقة ثلا ثا هل لها سكنى و نفقة 2035 2036

عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ أَنَّ أَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصِ بْنِ الْمُغِيرَةِ خَرَجَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ إِلَى الْيَمَنِ فَأَرْسَلَ إِلَى امْرَأَتِهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ بِتَطْلِيقَةٍ كَانَتْ بَقِيَتْ مِنْ طَلَاقِهَا وَأَمَرَ لَهَا الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ وَعَيَّاشَ بْنَ أَبِي رَبِيعَةَ بِنَفَقَةٍ فَقَالَا لَهَا وَاللَّهِ مَا لَكِ نَفَقَةٌ إِلَّا أَنْ تَكُونِي حَامِلًا فَأَتَتْ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ لَهُ قَوْلَهُمَا فَقَالَ لَا نَفَقَةَ لَكِ فَاسْتَأْذَنَتْهُ فِي الِانْتِقَالِ فَأَذِنَ لَهَا فَقَالَتْ أَيْنَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ إِلَى ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ وَكَانَ أَعْمَى تَضَعُ ثِيَابَهَا عِنْدَهُ وَلَا يَرَاهَا فَلَمَّا مَضَتْ عِدَّتُهَا أَنْكَحَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا مَرْوَانُ قَبِيصَةَ بْنَ ذُؤَيْبٍ يَسْأَلُهَا عَنْ الْحَدِيثِ فَحَدَّثَتْهُ بِهِ فَقَالَ مَرْوَانُ لَمْ نَسْمَعْ هَذَا الْحَدِيثَ إِلَّا مِنْ امْرَأَةٍ سَنَأْخُذُ بِالْعِصْمَةِ الَّتِي وَجَدْنَا النَّاسَ عَلَيْهَا فَقَالَتْ فَاطِمَةُ حِينَ بَلَغَهَا قَوْلُ مَرْوَانَ فَبَيْنِي وَبَيْنَكُمْ الْقُرْآنُ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ الْآيَةَ قَالَتْ هَذَا لِمَنْ كَانَتْ لَهُ مُرَاجَعَةٌ فَأَيُّ أَمْرٍ

طالب کے ساتھ یمن گئے اور اپنی بیوی فاطمہؓ بنت قیس کو ایک طلاق جو اس کی طلاقوں میں سے باقی تھی بھیجی اور حارث بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ کو اسے نفقہ دینے کو کہا ان دونوں نے اسے (فاطمہؓ کو) کہا اللہ کی قسم تمہارے لئے کوئی نفقہ نہیں ہے۔سوائے اس کے کہ تم حاملہ ہو وہ نبی ﷺ کے پاس آئی اور اُن دونوں کی بات بتائی۔آپؐ نے فرمایا تمہارے لئے کوئی نفقہ نہیں ہے۔اس نے آپؐ سے نقل مکانی کی اجازت مانگی۔آپؐ نے اسے اجازت دے دی۔ اس نے عرض کیا کہاں یا رسولؐ اللہ؟ آپؐ نے فرمایا ابن ام مکتومؓ کے ہاں اور وہ نابینا تھے وہ اس کے ہاں اپنے (زائد) کپڑے اُتار سکتی تھی اور وہ اسے دیکھ نہیں سکتا تھا جب اس کی عدّت گزر گئی تو نبی ﷺ نے ان کا نکاح اُسامہؓ بن زید سے کر دیا۔

مروان نے ان کی طرف قبیصہ بن زوائب کو ان سے اس بات کے معلوم کرنے کے لئے بھیجا اور انہوں نے اس کو یہ بات بتائی۔تو مروان نے کہا ہم نے یہ روایت ایک عورت سے سنی ہے ہم ضرور اس کو اختیار کرنے میں احتیاط کا طریق کریں گے؟ جس پر ہم نے لوگوں کو پایا ہے۔جب فاطمہؓ کو مروان کی یہ بات پہنچی تو اس نے کہا میرے اور تمہارے درمیان (فیصلہ کرنے والا) قرآن ہے۔اللہ عزّ وجلّ فرماتا ہے۔ لَا تُخْرِجُوْ هُنَّ مِن بُيُوتِهِنَ (الآیۃ) انہیں

يَحْدُثُ بَعْدَ الثَّلَاثِ فَكَيْفَ تَقُولُونَ لَا نَفَقَةَ لَهَا إِذَا لَمْ تَكُنْ حَامِلًا فَعَلَامَ تَحْبِسُونَهَا [3704]

ان کے گھروں سے نہ نکالو☆۔ اس نے کہا یہ حکم اس کے لئے ہے جس سے رجوع ہوسکتا ہے تو پھر تین طلاقوں کے بعد کونسی نئی صورت ہوسکتی ہے (یعنی تین طلاقوں کے بعد رجوع نہیں ہوسکتا) پس تم کیسے کہہ رہے ہو کہ اس کے لئے کوئی نفقہ نہیں جب کہ وہ حاملہ نہیں ہے تو پھر تم اسے کیوں روکتے ہو؟

2701{42}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا سَيَّارٌ وَحُصَيْنٌ وَمُغِيرَةُ وَأَشْعَثُ وَمُجَالِدٌ وَإِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ وَدَاوُدُ كُلُّهُمْ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَسَأَلْتُهَا عَنْ قَضَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهَا فَقَالَتْ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا الْبَتَّةَ فَقَالَتْ فَخَاصَمْتُهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّكْنَى وَالنَّفَقَةِ قَالَتْ فَلَمْ يَجْعَلْ لِي سُكْنَى وَلَا نَفَقَةً وَأَمَرَنِي أَنْ أَعْتَدَّ

2701: شعبی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں فاطمہؓ بنت قیس کے پاس گیا اور میں نے ان سے رسول اللہ ﷺ کے ان کے بارہ میں فیصلہ کے متعلق دریافت کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے شوہر نے ان کو طلاقِ بتّہ دی۔ انہوں نے کہا میں رہائش اور نفقہ کے بارہ میں مقدمہ لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس گئی۔ وہ کہتی ہیں آپؐ نے مجھے رہائش اور نفقہ نہ دلایا اور مجھے حکم دیا کہ میں اپنی عدّت ابن ام مکتومؓ کے گھر پوری کروں۔

☆(طلاق : 2)

2701:**اطراف** :**مسلم** کتاب الطلاق باب المطلقة ثلاثا 2695، 2696، 2697، 2698، 2699، 2700، 2702، 2703، 2704، 2705، 2706، 2707، 2708

تخریج : **ترمذی** کتاب النکاح باب ما جاء الا یخطب الرجل علی خطبة اخیه 1134، 1135 کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی المطلقة ثلا ثا لا سکنی لها ولا نفقة 1180 **نسائی** کتاب النکاح تزوج المولی العربیة 3222 الخطبة فی النکاح 3237 خطبة الرجل اذا ترک الخاطب اواذن له 3244 باب اذ استشارت المرأ ة رجلاً فیمن یخطبها ... 3245 کتاب الطلاق باب الرخصة فی ذالک 3403 3405 3404 باب ارسال الرجل الی زوجته بالطلاق 3418 الرخصة فی خروج المبسوتة من بیتها فی عدتها لسکنها 3545، 3546، 3547، 3548، 3549 باب نفقة البائنة 3551 نفقة الحامل المبسوتة 3552 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب نفقةالمبسوتة 2284، 2285، 2286، 2288، 2289، 2290 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لایخطب الرجل علی خطبة اخیه 1869 کتاب الطلاق باب من طلق ثلاثا فی مجلس واحد 2024 باب المطلقة ثلا ثا هل لها سکنی ونفقة 2035، 2036

فِي بَيْتِ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ حُصَيْنٍ وَدَاوُدَ وَمُغِيرَةَ وَإِسْمَعِيلَ وَأَشْعَثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّهُ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ بِمِثْلِ حَدِيثِ زُهَيْرٍ عَنْ هُشَيْمٍ [3706,3705]

